علی حسین شاہ

سورۃ یٰسٓ
سے دینی و دنیاوی بیماریوں کا علاج
علی حسین شاہ

فہرست

پیش لفظ

عوام الناس کے بہت زیادہ اصرار پر کہ دنیاوی مشکلات و مصائب کے بادل کلام الٰہی کی تاثیر سے چھٹ جائیں اور اللہ کے نزدیک محبوب بھی رہیں۔اس روحانی سلسلے کے پیش نظر مذکورہ کتاب (کتاب المبین) لکھی گئی ہے اور ایسے عملیات کا ارتکاب کیا گیا ہے جو ماسواء جنات و موکلات کی تابعداری کے بہت سہل و آسان الفاظ میں بیان کئے گئے ہیں اور سارے کے سارے عمل مجرب اور آزمودہ ہیں اور ان سب سے بڑھ کر یہ کہ سب اعمال کلام الٰہی اور خصوصاً سورۃ یٰسین شریف سے منسوب کئے گئے ہیں اور سورۃ یٰسین شریف قرآن کا دل ہے۔اس سے آگے لکھنا ہی کیا؟ جو بھی ان اعمال پر عمل جائز طور پر کرے گا تو ثواب و نیکیوں کے علاوہ مقصد بھی اپنے ہی حل ہوں گے اور پھر ایک حرف کے بدلے دس نیکیاں بھی ملیں گی۔

اس لئے عوام الناس سے گزارش ہے کہ تمام عملیات کو جائز طور پر کریں اور اپنے مقصد کا حل اس میں تلاش کریں اور اللہ کی زیادہ سے زیادہ عبادت کریں۔اس کے علاوہ کتاب ھذا میں ان تمام عملیات کی منصوبہ بندی کی گئی ہے۔ جس کی ہر دور میں ہر کسی کو ضرورت ہے۔

از

سید علی حسین شاہ

(1) غیب سے رزق حاصل ہو

اگر بہت زیادہ مفلسی ہو اور لوگوں کا قرض دار بھی ہو اور بہتری کی کوئی سبیل نظر نہ آ رہی ہو تو غم و رنج و ملال کرنے کی بجائے، روزانہ چالیس دنوں تک بعد نماز عشاء درود شریف اول و آخر ایک سو مرتبہ اور درمیان میں تین مرتبہ سورۃ یٰسین شریف مبین در مبین پڑھے۔ اگر مرد ہو تو ہر حال میں چالیس دنوں کی میعاد ضرور پوری کرے اور اگر عورت ہو تو اپنے مخصوص ایام میں ان دنوں کو شمار کر کے عمل پورا کرے۔ اس عمل مبارک کی بدولت اللہ تعالیٰ خصوصی طور پر مدد اور غیب سے رزق و روزی عطا فرمائیں گے۔ صاحب عمل کو کبھی بھی معلوم نہیں ہو گا کہ کہاں سے آتا ہے۔ لیکن اپنے عمل کے دوران کسی سے بھی ذکر مت کریں کیونکہ بعض اوقات مخصوص اشارات بھی اسی سورۃ شریف کے ذریعے ہوتے ہیں اور ان کا بھی ذکر کسی سے مت کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کے ذریعے وہاں سے رزق حاصل ہو گا کہ کوئی گمان بھی نہیں کر سکتا۔

(2) سات دنوں کے اندر ہر ممکن حاجت پوری ہو

اگر بغیر کسی وجہ کے کوئی ایسی مشکل آپڑے جس کا بہت جلد حل ہونا بہت ہی ضروری ہو تو گیارہ مرتبہ یہ درود شریف اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّد. پھر سورہ یٰسین سات مرتبہ اس ترکیب سے پڑھے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم لاَ مَقْصُوْدُ اِلاَّ اللّٰهُ لاَ مَوجُودُ اِلاَّ اللّٰهُ لاَ مَعْبُودُ اِلاَّ اللّٰهُ لاَ مَطْلُوبُ اِلاَّ اللّٰهُ پھر یٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَکِیْمِ سے پڑھتے ہوئے جب سَلاَمٌ قَوْلاً مِّنْ رَّبٍ رَّحِیمٍ پر پہنچے تو اس کی سات مرتبہ تکرار کرے۔ تکرار کرنے کے بعد آخر تک پڑھ کر سورہ شریف کو ختم کردے۔ بعد سورہ شریف ختم کرنے کے سات مرتبہ یہ پڑھے مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللّٰهُ یَا مُسْتَجاب الدَّعْوَاتِ بِحَقِّ رَسُولُ اللّٰهُ حَاجَتِ مِنْ رَوَاکُنْ. انشاء اللہ تعالیٰ سات دنوں کے اندر اندر ہر بڑی سے بڑی مشکل حل ہو گی۔

(3) زبردست تاثیر کے لئے

مرد و خواتین میں سے جو کوئی بھی سورہ یٰسین شریف کو روزانہ بعد نماز فجر سات مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے تو اس کی زبان کے اندر ایسی تاثیر پیدا ہوتی ہے جو ماسویٰ اس کے جو ورد کرتا ہے کوئی اور بیان نہیں کر سکتا۔ اس لئے تجربے کے طور پر جو چاہے آزمالے۔

(4) برائے جائز حاجت

سب سے پہلے دو رکعت نفل اپنی حاجت روائی کے لئے ادا کرے اور بعد نماز عشاء ایک خوبصورت سفید کاغذ جو کہ بالکل صاف ہو' اس پر لائینیں نہ لگی ہوں۔

پھر زعفران گھول کر مشک و بید ڈال کر سیاہی بنا کر اس کاغذ پر شروع سے آخر تک سورۃ شریف لکھ لے اور اسی سورۃ شریف کو سات مرتبہ پڑھ کر اسی کاغذ پر دم کر کے موم جامہ کے اندر لپیٹ کر اگر مرد ہو تو سیدھے بازو پر باندھے اور اگر عورت ہو تو الٹے بازو کے ساتھ باندھ کر اسی حالت میں فجر کی نماز ادا کرے۔ اس عمل کو بہت زیادہ مجرب سمجھا گیا ہے۔

(5) جس پر فاقے کٹتے ہوں

اس عمل کو کرنے سے پہلے کوئی ایسی جگہ ڈھونڈے جو چیونٹیوں کی آماجگاہ ہو۔ پھر بازار سے سوا کلو "گڑ" لائے اور گھر میں آ کر سب سے پہلے غسل کرے یا وضو کرے۔ پھر "گڑ" کو کسی پاک طشت وغیرہ میں پاک چیز سے توڑنا شروع کر دے اور جب تک گڑ ٹوٹ کر شکر نہ بن جائے تب تک کوئی سا بھی درود پاک پڑھتا رہے اور دل ہی دل میں اللہ کو یاد کرتا رہے۔ جب شکر بن جائے تو پھر اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف اور سورہ یٰسین شریف کو 21 مرتبہ پڑھے اور بنائی ہوئی شکر میں سے پہلے دن اتنی شکر لے جو بقایا چھ دن کام آسکے۔ پھر شکر پر دم کر کے جہاں چیونٹیوں کا سوراخ ہو، اس کو چھوڑ کر شکر کو ارد گرد بکھیر دے اور اسی عمل کو روزانہ سات دنوں تک کرے۔ انشاءاللہ غیب سے ایسا وسیلہ بنے گا کہ خود حیران ہو گا۔

(6) مفلسی دور کرنے کا عمل

اس عمل کو کرنے سے پہلے اپنے آپ کو ظاہری و باطنی طور پر شریعت کے مطابق بنائے اور جس جگہ اس عمل کو کرنے کا ارادہ ہو' ابتداء سے اس جگہ کو بالکل پاک و صاف کرے اور اپنے پہنے ہوئے کپڑوں پر عطر لگائے اور جب عمل شروع کرے

تو تین اگر بتیاں سلگائے اور بعد نماز عشاء سورہ یٰسین شریف دس مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے اپنے گناہوں کی توبہ کرے اور گڑگڑا کر نہایت عاجزی کے ساتھ دعا کرے اور کسی سے بات چیت کئے بغیر سو جائے۔اس عمل کو اتنے دن کرے جب تک رحمت الٰہی اس شخص پر جوش نہ مارے۔ انشاء اللہ اس شخص کے لئے اللہ تعالیٰ غیب سے وسیلے پیدا فرمائیں گے۔

(7) برائے حافظہ و تقویت دل و جگر

اگر کوئی بچہ یا بڑا کند ذہن ہو یا پڑھائی کے دوران میں سبق تب تک یاد رہے جب تک پڑھ رہا ہے پھر بعد میں سب کچھ بھول جائے تو حافظے میں تیزی پیدا کرنے کے لئے اور اگر کسی کو دل کا درد ہو جیسا کہ آج کل لوگوں میں "ہارٹ اٹیک" جیسا موذی مرض بھی عام ہے اور خرابی جگر کو درست کرنے کے لئے ان تینوں چیزوں میں سے چاہے ایک عمل کے لئے کرے یا چاہے تینوں' اکٹھے کرے۔اس کے لئے رات کو زعفران پاک پیالی میں ڈال دے تاکہ صبح تک اس کا رنگ نکل آئے اور صبح فجر کی نماز کے بعد اس بنے ہوئے زعفران میں مشک ملا لے اور پھر انار کی لکڑی کی ایک باریک قلم تراشے اور بالکل سفید چینی کی پلیٹ پر (بعض چینی کی پلیٹوں پر پھول و بیلیں بنی ہوتی ہیں ان کو استعمال نہ کرے بلکہ جو بالکل سفید ہو اس پر اس نقش کو تحریر کرے اور ساتھ ہی) 7 مرتبہ سورۃ شریف کو پڑھے۔ پلیٹ پر صاف پانی ڈالے تاکہ سب کچھ گھل مل جائے اور دم کر دے اور فوری طور پر اس کو پلا دے۔اگر حافظہ تیز کرنے کی خاطر اس عمل کو کرے گا تو نیچے فلاں بن فلاں کا حافظہ تیز ہو، لکھے۔اور اسی طرح دل و جگر کے درد کے لئے مختصر سا مقصد لکھ لیا کرے اور اس عمل کو تین دن، پانچ دن یا سات دن تک لگاتار کرتا رہے۔انشاءاللہ ضرور بہ ضرور افاقہ ہو گا۔

سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ الرَّحِيْم

(8) گناہوں کی یقینی معافی

انسان خطاء کا پتلا ہے۔ اگر کسی سے کوئی ایسا گناہ سرزد ہو جائے یا گناہ کر کے عاجز آ گیا ہو اور اللہ تبارک و تعالیٰ سے گناہوں کی معافی کا طلبگار ہو تو فوری طور پر فرض نمازوں کو شروع کر دے اور ہر فرض نماز کے اختتام پر سورہ یٰسین کی خشوع و خضوع کے ساتھ دل سے قرات کرے۔ اس عمل میں کوئی قید نہیں کہ کتنی مرتبہ پڑھے بلکہ ہدایت ہے کہ آہستہ آہستہ اور خوبصورت آواز کے ساتھ قرات کرے اور اپنے دل کو اسی کلام سے منور کرنے کی کوشش کرے۔ چند مرتبہ اس عمل کو دہرانے کے بعد اس شخص کو خواب کے ذریعے اللہ تعالیٰ ضرور بشارت دیں گے کہ ایسے گناہگار شخص کی توبہ اللہ نے قبول فرمالی ہے۔ اگر بشارت نہ بھی ہو تو اس عمل کو ترک نہ کرے بلکہ اپنے آپ کو ظاہری و باطنی طور پر ہر چھوٹے بڑے گناہ سے بچائے۔ اللہ تبارک و تعالیٰ ضرور بہ ضرور بخش کر اپنی رحمت سے نوازیں گے۔

(9) دکان کے مال میں برکت ہو

اگر کسی کی دکان پر رکھا ہوا مال فروخت نہ ہوتا ہو یا کسی بھی قسم کی کوئی بندش وغیرہ ہو تو دکان کی اچھی بکری کرنے کے لئے گھر سے وضو کر کے آئے اور دکان کھولے یا جیسے بھی ہو وضو کر لے پھر 21 دنوں تک روزانہ دکان کھولتے ہی تین مرتبہ سورہ یٰسین شریف تلاوت کر کے فوراً دکان کے مال پر دم کر دیا کرے یا پانی پر دم کر کے دکان کے کونوں پر چھینٹے ڈال دے۔ انشاءاللہ ہر بندش دور ہو گی اور مال بھی خوب فروخت ہو گا۔

(10) کشادہ بخت بیٹی، بیٹا، بہو وغیرہ

کوئی بھی اپنی بیٹی یا بیٹے کی شادی کرے اور شادی کے بعد آپس میں گزارا مشکل ہو گیا ہو یا ایک کہاوت چلی آ رہی ہے کہ "جب سے بہو گھر میں آئی ہے پریشانیوں نے ہمارے گھر کا منہ دیکھ لیا ہے" وغیرہ وغیرہ یا کسی نے سفلی عمل کے ذریعے میاں بیوی میں پھوٹ ڈلوائی ہو تو روزانہ فجر کی نماز کے سنتوں و فرضوں کے درمیان سورہ یٰسین شریف ایک مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور وہ دونوں اس پانی کو پئیں اور جب جمعہ کا دن آئے تو سورہ شریف کو بعد نماز جمعہ گھر آ کر 21 مرتبہ پڑھے۔ اگر اس عمل کو کوئی تاحیات بھی اس مقصد کے لئے کرتا رہے گا تو انشاءاللہ کبھی بھی کوئی رکاوٹ ان کے درمیان حائل نہیں ہو گی اور ہر طرح سے بخت کشادہ ہوں گے۔ خواہ ستاروں کی بندش ہو یا دیگر کوئی بھی وجہ ہو۔

(11) برائے حفظ و امان

کوئی بھی شخص روزانہ ناگہانی آفتوں میں اگر پھنس جاتا ہو اور کوئی صحیح وجہ

بھی سمجھ میں نہ آ رہی ہو مثلاً کسی شخص کا کوئی بھی حادثہ ہو جاتا ہے مگر پوچھنے پر وہ خود حیران ہوتا ہے کہ ایسا میں نے کبھی سوچا بھی نہیں تھا۔ اچانک ہی ایسا ہو گیا ہے۔ تو ایسے افراد جو بلاوجہ رکاوٹوں اور مصیبتوں کا شکار رہتے ہوں صبح سورج نکلنے کے ساتھ ہی سفید رنگ کے کاغذ پر کالی سیاہی سے سورہ یٰسین شریف مکمل خود ہی لکھ لیں اور اسے تعویذ کی شکل میں لپیٹ کر موم جامہ کر کے اپنے گلے یا بازو پر باندھ لیں۔ انشاء اللہ ایسی کوئی بھی رکاوٹ یا پریشانی نزدیک نہیں آئے گی اور وہ شخص خاص الخاص اللہ حفظ والمان میں رہے گا۔

(12) دولت کا حاصل ہونا اور صاحب اقتدار بننا

اگر دولت زیادہ سے زیادہ جمع کرنے کی طمع ہو یا کوئی کسی فرد کی قدر و قیمت کو نہ جانتا ہو تو ایسے اشخاص ہمیشہ ہی کے لئے اس عمل کو اپنا لیں۔ دولت زیادہ سے زیادہ آئے گی اور کوئی فرد بھی اس عمل کی مدد سے صاحب اقتدار بن جائے گا۔ اس عمل کو بروز جمعہ شروع کرے۔ وقت کی کوئی قید نہیں صرف جمعہ کا دن ہو۔ دو رکعت نفل پڑھیں۔ ہر رکعت میں 41 مرتبہ الحمد شریف کے بعد ایک مرتبہ سورہ یٰسین شریف پڑھیں اور دعا کر کے عمل کو ختم کر دیں۔ انشاء اللہ چند دنوں میں خود ہی اس کی تاثیر دیکھ لیں گے۔ جو بھی یہ عمل کرے گا دولت مند و بلند اقبال ہو گا۔

(13) حرام کاری سے اجتناب کے لیے

اگر کوئی بھی مرد و عورت آپس میں حرام کاری سے باز نہ آتے ہوں مثلاً کسی کی بیوی کسی غیر مرد سے زیادہ قرابت رکھتی ہو یا کوئی مرد کسی غیر عورت کی طرف زیادہ

راغب ہویا ہو تا ہو توان دونوں کو یاان دونوں میں سے کسی ایک کو بھی اس فعل حرام سے روکنے کے لئے کسی قبرستان سے بہت پرانی قبر کی مٹی لاکر اس پر بارہ مرتبہ سورہ یٰسین شریف پڑھ کر دم کرے اور سورہ ختم کر کے تین مرتبہ اس مرد یا عورت کا نام لے اور اپنے مقصد کو دہرائے۔ پھر کسی ایسے درخت کے نیچے گڑھا کھود کر اس مٹی کو دفنا دے جو پھلدار ہو اور سفید رنگ کا کپڑا لے کر اس کے اندر مٹی رکھ کر پھر دفن کرے۔ وہ اپنی حرکت ناشائستہ سے ہمیشہ باز رہیں گے۔

(14) آگ میں نہ جلے اور پانی میں نہ ڈوبے

جو شخص ہمیشہ فرض نماز اس طریق سے پڑھے کہ فرض نماز کی سنتیں پڑھ لینے کے بعد فرض کی پہلی رکعت میں بعد الحمد شریف کے سورہ یٰسین شریف ایک مرتبہ پڑھے۔ اس پر کبھی بھی آگ اثر نہیں کرے گی اور وہ شخص پانی میں کبھی بھی غرق نہیں ہو گا۔ ہر طرح سے آزمایا ہوا اور مجرب عمل ہے۔

(15) ہر جائز حاجت چند دنوں میں پوری ہو

ہر جائز حاجت کو چند دنوں میں پورا کروانے کے لئے روزانہ اول و آخر درود شریف 11 مرتبہ اور صرف ایک مرتبہ سورہ یٰسین شریف پڑھے جب سَلَامٌ" قَوْلاً مِن رَّبٍ رَّحِيمٍ پر پہنچے تو اس آیت کو ایک ہزار ایک سو اناسی مرتبہ پڑھ کر سورہ شریف کو ختم کر دے اور اپنے متعلقہ مقصد کی دعا کرے۔ انشاء اللہ چند دنوں میں ہر طرح کی جائز حاجت پوری ہو گی۔ اس عمل کو آسان کرنے کے لئے ایک ہزار ایک سو اناسی دانوں والی تسبیح بنوا کر رکھے۔ تاکہ پڑھنے میں کوئی خلل پیدا نہ ہو۔

(16) برائے حصول ترقی روزگار

اگر کسی کا اچھا بھلا چلتا ہوا کاروبار اچانک بند ہو جائے یا ویسے ہی کاروبار چلتا نہ ہو یا کسی فرد کو روزگار کی تلاش ہو اور کسی قسم کی کوئی سبیل نظر نہ آ رہی ہو تو وہ عروج ماہ یعنی جب نیا چاند چڑھے اس کے پہلے ہفتہ کے دن روزہ رکھے اور رات کے وقت صحن میں یا چھت پر کھڑا ہو کر جتنا ہو سکے بلا تعداد سورہ یٰسین شریف کو پڑھنا شروع کر دے۔ انشاءاللہ 7 دنوں کے اندر اندر ضرور کوئی روزگار مل جائے گا اگر کاروبار بند ہو گا تو خوب چلے گا۔ مجرب ہے۔

(17) تنگی وافلاس دور ہو

تنگی وافلاس دور کرنے کی نیت سے کوئی بھی فرد اس نیت سے روزانہ بعد نماز عشاء صرف ایک مرتبہ سورۃ یٰسین شریف مبین در مبین پڑھنے کا معمول بنا لے یا حصول مقصد تک جاری رکھے۔ انشاءاللہ چند دنوں میں تنگی وافلاس دور ہو گا اور حالات میں بہت زیادہ فرق آ جائے گا۔

(18) تنگدستی دور کرنے کیلئے

ہر روز متعلقہ مقصد کے حصول تک روزانہ نماز فجر کے بعد تین مرتبہ سورہ یٰسین شریف مبین در مبین پڑھے۔

(19) رزق میں برکت کیلئے

بعد نماز ظہر ہمیشہ ایک مرتبہ سورۂ یٰسین شریف مبین در مبین پڑھنے کا معمول بنا لے۔ رزق میں کشادگی ہو گی۔

(20) فتوحات کیلئے

اس عمل کو ہر طرح کی فتح حاصل کرنے کی نیت سے اتوار کے دن جب نیا چاند نکلے شروع کرے لیکن شروع سے لے کر آخر تک ایک وقت مقرر کرے اور 21 دنوں تک لکھے گئے طریقہ کار پر کاربند رہے۔ اس کے بعد چاہے کسی بھی وقت صرف ایک مرتبہ سورہ یٰسین شریف ایک مرتبہ پڑھ لیا کرے۔ عمل سے پہلے 49 مرتبہ الحمد شریف پڑھے اور درمیان میں ایک مرتبہ سورہ یٰسین شریف ایک مرتبہ پھر 49 مرتبہ الحمد شریف پڑھے۔ انشاءاللہ 21 دنوں کے اندر اس عمل سے اللہ تعالیٰ غیب سے رزق دے گا اور کثیر فتوحات ہوں گی۔

(21) افلاس دور کرنے کیلئے

نیا چاند نکلنے پر جو پہلا بدھ آئے۔ صبح سورج نکلنے سے پہلے انار کے سات پھول قل هو الله احد پڑھتے ہوئے توڑے۔ لیکن عمل سے پہلے انار کا درخت ڈھونڈ لے۔ بوقت ضرورت پریشان نہ ہو۔ پھر ان پھولوں کو گھر لا کر ایک ایک مرتبہ ساتوں پھولوں پر دم کر دے اور اپنے افلاس کو دفع کرنے کیلئے اللہ تعالیٰ سے دعا کرے۔ پھر دریا پر جا کر قل هوالله احد پڑھتا ہوا ان پھولوں کو دریا میں بہا دے۔ پھول دریا میں بہانے کے بعد وہاں کھڑا ہو کر کہے کہ یا اللہ جس طرح میں نے تیرے پاک کلام کو پھولوں پر دم کر کے پانی میں آزاد کر دیا ہے اِسی طرح تو بھی مجھے ذلت و خواری و مفلسی سے نجات دیدے۔ پھر واپسی پر پیچھے پلٹ کر نہ دیکھے اور اس عمل کو سات دن تک دہرائے۔ انشاءاللہ غیب سے رزق کا سامان پیدا ہوگا۔ ہر طرح سے تنگی و افلاس دور ہوگا۔

(22) غیب سے رزق مہیا ہو

نیا چاند نکلنے پر جو جمعرات آئے۔ اس دن نماز عصر پڑھ کر کسی باغ میں جائے اور چنبیلی کے تین پھول توڑے۔ پھر پھول پر وَوَجَدَكَ عَآئِلاً فَاَغْنٰى سات سو تین مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور ایک مرتبہ سورہ یٰسین پڑھ کر دم کرے اور پھولوں کو اسی وقت لے جا کر کسی پرانی قبر میں ڈال دے اور اس عمل کو روزانہ 21 دنوں تک کرے۔ غیب سے وسائل پیدا ہوں گے اور رزق میں اضافہ ہو گا۔

(23) مجرب و بینظیر عمل

جس وقت سخت پریشانیاں دامن گیر ہوں، عزت خطرے میں ہو اور روز بروز روزگار کی حالت ابتر ہو یا دشمنوں نے بہت ستا رکھا ہو۔ ان سب دکھوں و غموں سے بچنے کے لئے جب نیا چاند نکلے تو پیر والے دن کی رات کو ٹھیک 12 بجے پاک وصاف کپڑے پہن کر' باوضو ہو کر اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور سورہ یٰسین شریف کو شروع کر دے۔ جب پہلی مبین پر پہنچے تو ایک مرتبہ سورہ مزمل شریف اور سات مرتبہ الم ترکیف تا حصول مقصد تک پڑھتا رہے۔ انشاءاللہ سخت سے سخت ترین مشکل سے نجات ملے گی۔ ہر طرح کے بند دروازے خود بخود کھل جائیں گے۔

(24) کالی کھانسی سے مکمل چھٹکارا

اگر کوئی خاتون، مرد یا بچہ اس مہلک بیماری میں مبتلا ہو، حکیم و ڈاکٹر حضرات علاج کر کے عاجز آ چکے ہوں تو باوضو حالت میں ایک بالکل سفید رنگ کی چینی کی پلیٹ لے کر اس پر مشک و زعفران کی بنی سیاہی سے آیت سَلَامٌ قَوْلاً مِنْ رَبِّ رَّحِیمِ پانچ

مرتبہ لکھے اور بارش کا پانی یا آب زمزم کاپانی یادریاکاپانی ان تینوں میں سے کوئی ایک پانی لے کر پلیٹ پر ڈالے اور شہادت کی انگلی سے سب کچھ گھول لے تو ایک مرتبہ سورہ یٰسین کالی کھانسی کو دفع کرنے کی نیت سے پڑھ کر اس پر دم کرے اور بسم اللہ پڑھ کر پی لے۔ 7 دن کے اس روحانی عمل سے انشاءاللہ کالی کھانسی سے مکمل نجات مل جائے گی۔

(25) جادو و سحر

اگر کسی پر جادو کیا گیا ہو یا کسی کو مسحور کیا ہو تو صبح فجر کی نماز سے فارغ ہو کر چینی کی پیالی میں انار کی لکڑی کی قلم تراش کر اس نقش کو مشک وزعفران سے لکھے۔ پھر ایک نقش اسی قلم سے کاغذ پر تحریر کرے۔ اس نقش کو مسحور اپنے گلے یا بازو پر باندھ لے اور پیالی پر نقش لکھ لینے کے بعد موم جامہ پیالی کے اوپر لگادے تاکہ لکھا ہوا مٹ نہ جائے۔ اب وہ سحر زدہ روزانہ نہار منہ اس پیالی میں پانی ڈال کر لگاتار 21 دنوں تک پیئے اور صبح کے وقت فجر کی نماز کے بعد روزانہ ایک مرتبہ سورہ یٰسین شریف پڑھ کر خود اپنے اوپر دم کرتا رہے۔ انشاءاللہ ہر طرح کا جادو و سحر باطل ہو گا اور اگر وہ صبح روزانہ بغیر ناغہ کئے سورہ شریف پڑھتا رہے تو پھر کوئی بھی اس پر جادو نہیں کر سکے گا۔ اس کے علاوہ پانچ وقت کی نماز ضرور بہ ضرور ادا کیا کرے۔

(26) ہر قسم کے درد سے نجات کیلئے

اگر وقتی طور پر یا ہمیشہ کسی جگہ درد رہتا ہو اور علاج معالجے کے بعد بھی افاقہ نہ ہوتا ہو تو وہ مریض خود اس عمل کو کرے۔ اگر نہ کر سکے تو جو بھی روحانی علاج کرے وہ مریض کو ہدایت کرے کہ درد والے مقام پر ہاتھ رکھے اور خود یٰسٓ وَالقُرآن

الحَکِیْمِ کی تکرار کم از کم 100 مرتبہ کرے اور دم کر دے پھر اس سے آگے ایک مرتبہ سورۃ شریف پڑھ کر جب آیت سَلَامٌ قَوْلًا مِنْ رَبٍّ الرَّحِیْمِ پر پہنچے تو اس کو بھی 100 مرتبہ تکرار کر کے پڑھ کر ختم کر دے۔ پھر آخر میں یٰسٓ وَالقُرآنِ الحَکِیْم 100 مرتبہ پڑھ کر عمل کو ختم کرے اور دم کر دے۔ انشاءاللہ اسی وقت یا کچھ دنوں تک اس روحانی عمل سے ہر قسم کا درد جڑ سے ختم ہو جائے گا۔

(27) حفاظت حمل کیلئے گنڈا

اگر کسی عورت کا بار بار حمل ساقط ہو جاتا ہو (یعنی کچا حمل ضائع ہو جاتا ہو) تو وہ عورت بازار سے باوضو حالت میں ایک نیلے رنگ کی ڈوری (یعنی نلکی) لائے۔ اگر خود نہ جا سکے تو جو کوئی بھی لینے جائے وہ باوضو ہو۔ پھر اسے اپنے پیر کے انگوٹھے سے لے کر سر تک سات مرتبہ اتارے اور ان کو بل دینا شروع کرے۔ جب وہ سب یک جان ہو جائیں تو سورہ یٰسین شریف پڑھنا شروع کرے اور دھاگے کے درمیان میں گانٹھ دینے کی شکل میں دائرہ بنالے لیکن گانٹھ نہ لگائے۔ پھر جب پہلی مبین پر پہنچے تو اس گول دائرے میں پھونک مارتے مارتے زور سے گانٹھ لگا دے۔ اسی طرح سات مبینوں پر سات گانٹھیں لگا کر اسے اپنے گلے میں پہن لے اور سورہ یٰسین شریف کو روزانہ بعد نماز فجر ایک مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرنے کا معمول بنالے۔ انشاءاللہ اس روحانی عمل سے حمل کبھی بھی ساقط نہیں ہوگا۔ اگر خدانخواستہ اس عمل کے باوجود بھی کوئی افاقہ نہ ہو تو پھر کالے رنگ کا دھاگہ لے کر اس پر عمل کرے پھر ضرور عمل مکمل ہوگا۔

(28) درد زہ

اگر کسی عورت کو بوقت پیدائش بہت درد ہوتا ہو تو وہ بذات خود یا جو اس کے پاس ہو وہ ان کلمات کی بار بار تکرار کرتا ہوا جب 33 کی تعداد پر پہنچے تو پیشانی پر دم کر دے۔ اگر اپنے لئے پڑھے تو صرف پڑھتی رہے۔ انشاء اللہ درد نہیں ہوگا۔ اگر ہوگا بھی تو وہ قابل قبول ہوگا۔ پڑھنے والے کلمات

یٰسٓ وَالْقُرْآنِ الْحَکِیْمِ وَ بِحَقِّ سَلَامٌ قَوْلاً مِنْ رَّبٍّ رَّحِیْم

(29) مرگی

اگر کسی مرگی کے مریض کو کسی دوا یا دعا سے افاقہ نہ ہو رہا ہو تو وہ بذات خود تسبیح کے دانوں پر گن کر تین سو اکیاون (351) مرتبہ یٰسٓ وَالْقُرْآنِ الْحَکِیْمِ وَ بِحَقِّ سَلَامٌ قَوْلاً مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ پڑھ کر سرسوں کے تیل پر دم کر کے روئی بھگو کر ہلکا ہلکا دونوں کانوں میں ٹپکا لیا کرے اور اگر وہ خود نہ کر سکے تو کوئی بھی شخص باوضو حالت میں صرف ان کلمات کو تین سو اکیاون (351) مرتبہ پڑھ کر مریض کے کانوں پر دم کر دیا کرے اور تیل بھی یا اس نقش کو دو مرتبہ مشک و زعفران کی سیاہی سے لکھ کر ایک تیل میں ڈال دے اور اس کا تیل سر میں لگا کر مالش کرے اور دوسرا اپنے گلے یا بازو پر باندھ لے اور ایک عدد نقش پانی میں گھول کر صبح نہار منہ اس کا پانی پیا کرے۔ انشاء اللہ چند دنوں کے عمل سے مرگی جیسے موذی مرض سے ہمیشہ محفوظ رہے گا اور دن میں کسی بھی وقت ایک مرتبہ سورہ یٰسین پڑھ لیا کرے اور دعائے خیر کرے۔

والقـ				ـران
والقـ	الحکیم	الحکیم	الحکیم	ـران
والقـ	الحکیم	الحکیم	الحکیم	ـران
والقـ	الحکیم	الحکیم	الحکیم	ـران
والقـ	الحکیم	الحکیم	الحکیم	ـران

(30) بانجھ عورت کا روحانی علاج

اگر کسی خاتون کو ڈاکٹر حضرات نے بانجھ قرار دے دیا ہو تو وہ اللہ کی رحمت سے ہرگز مایوس نہ ہو بلکہ ایک مکمل حوصلہ اور پختگی رکھتے ہوئے اس عمل کو کرے اور تب تک کرے جب تک اللہ اپنی رحمت نازل نہ فرما دے۔ اس روحانی عمل کو اپنے خصوصی ایام سے پاک ہو کر باوضو حالت میں سورہ یٰسین شریف پڑھے اور پاس ہی ایک قلم کوئی سا بھی اور سادہ سفید رنگ کا کاغذ رکھ لے۔ جب سورہ شریف پڑھ چکے تو مکمل شروع سے آخر تک لکھ لے اور اپنے الٹے بازو سے باندھ لے اور اس نقش کو پانی میں ڈال لے اور گاہے بگاہے پانی پیتی رہے اور اسی دوران سورہ شریف کی زیادہ سے زیادہ تلاوت رکھے اور اللہ کے سامنے گڑگڑا کر دعا کرے۔ انشاء اللہ گود ضرور بہ ضرور ہری ہو گی۔ اس عمل کو اس وقت تک دہرایا جائے جب تک کوئی امید پیدا نہ ہو۔ اگر کوئی امید پیدا ہو جائے تو پھر نقش پینے والا بند کر دے اور سورہ شریف کی تلاوت جاری رکھے اور اپنے اس پہنے ہوئے نقش کو بوقت ولادت بچے کے گلے میں پہنا دے۔

(31) دفعیہ جنات

اگر گھر میں جنات کا ٹھکانہ بن گیا ہو اور وہ کسی بھی طرح اس جگہ کو خالی نہ کرتے ہوں تو یٰسین شریف کو صرف پہلی مبین تک تکرار کے ساتھ پڑھیں اور ایک کچی مٹی کی چھوٹی مٹکی پانی والی منگوا کر اس میں پانی بھریں اور کم از کم شروع سے لے کر پہلی مبین تک (50) مرتبہ تکرار کریں اور پانی پر دم کر کے گھر کے کونوں پر چھینٹے لگائیں اور سورہ شریف کے اس نقش کو گھر کے تمام دروازوں کی چوکھٹ کے اوپر فریم کروا کر لگا دیں۔ انشاء اللہ جنات یا تو وہاں سے چلے جائیں گے یا پھر جل جائیں گے۔ اس عمل کو روزانہ 21 دنوں تک کریں (50 مرتبہ پہلی مبین کی تکرار کرنے کے بعد اس سے آگے پوری سورہ پڑھ کر دم کریں اور پڑھیں)

(32) بد چلن شوہر کی اصلاح کیلئے

اگر کسی بی بی کا میاں بہت زبان دراز ہونے کے ساتھ ساتھ مارتا بھی ہو اور

کسی بھی طرح سے کوئی بات نہ سنے اور نہ ہی کسی کا کہنا مانے تو وہ بی بی اپنے آپ کو پاک و صاف کرے اور دوران عمل خوشبو مثل اگر بتی جلائے اور مصلے پر بیٹھ کر کھلا کوئی سا بھی درود شریف پڑھے اور دل ہی دل میں حضور نبی اکرم ﷺ سے داد و فریاد کرے۔ بعد اس کے 786 مرتبہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھے پھر سورہ یٰسین شریف ایک مرتبہ پھر 786 مرتبہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھے اور کسی بھی کھانے پینے والی شے میں دم کر کے کھلا دے اور پانی پر دم کر کے بھی پلائے۔ انشاءاللہ اس عمل کی بدولت وہ اپنی حرکات قبیحہ سے باز رہے گا۔ زبان درازی بھی نہیں کرے گا اور نہ ہی بلاوجہ لڑے جھگڑے گا۔ عمل کی میعاد 21 دن ہے۔ اس نقش کو لکھ کر اپنے الٹے بازو کے ساتھ بھی باندھ لے۔

(33) بد مزاج شوہر کی اصلاح

بعض افراد کی ایسی طبیعت ہوتی ہے کہ وہ ہر چھوٹی چھوٹی بات کو پکڑ کر بڑا کر لیتے ہیں اور بلاوجہ گھر کا سارا ماحول خراب کر دیتے ہیں۔ ایسے افراد کی اصلاح کے طور پر ایک عدد اچھی شیشی چنبیلی کے تیل کی لا کر اس پر ایک مرتبہ سورہ یٰسین شریف مبین در مبین اول و آخر درود شریف کے ساتھ پڑھ کر تیل پر دم کر کے اپنے شوہر کے سر پر مالش کرے۔ انشاءاللہ وہ بد مزاجی چھوڑ دے گا اور اپنے بیوی بچوں کے ساتھ ہنسی خوشی رہے گا۔

(34) اگر کسی بھی طرح شوہر کی اصلاح نہ ہو رہی ہو

اس عمل کے کرنے سے ضرور ہر طرح کی اصلاح ہو گی اور مسئلہ ٹھیک ہو جائے گا۔ نوچندی جمعرات (جو کہ چاند نکلنے پر جمعرات آتی ہے۔) صبح غسل کر کے

پاک وصاف کپڑے پہن کر نماز فجر کے بعد درود شریف اور قرآن مجید کی جو سورتیں یاد ہوں پڑھے۔ اگر قرآن مجید کی سورتیں یاد نہ ہوں تو دیکھ کر پڑھ لے اور حضور نبی کریم ﷺ اور ان کی ازواج اور آل پر ایصال ثواب کرے اور اس عمل کو اتنی دیر کرے۔ جب تک سورج طلوع نہ ہو۔ جب سورج طلوع ہو تو دو رکعت نماز نفل پڑھ کر ثواب اولیائے کرام کی ارواح پر ایصال ثواب کرے۔ پھر اس کے بعد اپنے شوہر کی اصلاح کرنے کی خاطر سورہ یٰسین مبین در مبین پڑھ کر کسی کھانے پینے والی شے پر دم کر کے کھلائے اور اس عمل کو مسلسل 7 دن تک کرے۔ انشاءاللہ اس عمل کا اثر ہر حال میں اٹل ہے۔

(35) چور کو نابینا کرنے کیلئے

اس عمل کی بدولت جن افراد کے ہاں چوری چکاری زیادہ ہوتی ہے، پیش کیا جارہا ہے کہ عروج ماہ میں یعنی چاند کے چڑھتے ہی جمعہ کی رات کو باوضو ہو کر حسب ذیل نقش کو مشک وزعفران سے لکھ کر اتنی تعداد میں لکھے جتنے گھر کے دروازے ہیں پھر ان نقشوں کو فریم کروا کر دروازوں کے اوپر لگادے اور روزانہ نماز فجر اور عشاء کے بعد سورہ یٰسین شریف پڑھنے کا ورد بنالے۔ اس عمل کو کرنے سے جو چور یا جو کوئی بھی اس نیت سے آئے گا۔ وہ اللہ کی مدد سے گھر کا سامان گھر سے باہر نہیں لے جاسکے گا۔ لیکن اس عمل کا ذکر کسی سے نہ کرے۔

قل	ھو	اللہ	احد	اللہ	الصمد
لم	یلد	ولم	یولد	ولم	یکن
لہ	کفوا	احد	ھو	اللہ	احد

(36) چور یا سفلی علم کا عامل کچھ بھی نہ چرا سکے

اگر کسی فرد کو چوری و دھوکہ دہی کے ذریعے لوٹا جارہا ہو یا کوئی سفلی کلام کا عامل اپنے عمل سے اس کی رقم خورد برد کر رہا ہو اور کئی طریقہ کار آزمانے کے بعد بھی اگر وہی صورتحال رہے تو اس عمل کو کرے۔ کوئی بھی عامل اپنے علم کے ذریعے اس کے روپے پیسے یا کوئی اور چیز غائب یا چوری نہیں کروا سکے گا اور نہ ہی کوئی چور اپنے حیلہ بہانے سے اس کو لوٹ سکے گا۔ اتوار اور منگل والے دن باغ میں جائے اور انار کا درخت ڈھونڈے لیکن پھول توڑنے سے پہلے پھول ہی کو کہے میں تم کو اپنے زر و مال کی حفاظت کے لئے لے کر جارہا ہوں یہ کہہ کر پھول توڑے اور رومال میں محفوظ کر لے اور پھول کو توڑنے سے لے کر گھر آنے تک اس بات کا خیال رکھے کہ کسی غیر کی نظر اس پھول پر نہ پڑے۔ یہ تمام عمل باوضو ہی کرنا ہوگا۔ پھر گھر آکر پھول کو مصلے پر ایک طرف رکھ دے اور خود غسل کرنے جائے اگر غسل کر کے آئے اور پھول وہاں موجود نہ ہو تو پھر اگلا طریقہ درج ہوگا اور اگر یہی پھول پڑا ہوگا تو اس پر 1700 مرتبہ آیت

سَلَامٌ' قَوْلاً مِنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ پڑھے۔ درمیان میں سورہ یٰسین شریف مبین در مبین پڑھے اور پھر آخر میں 1700 مرتبہ سَلَامٌ' قَوْلاً مِنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ پڑھ کر پھول پر زور دار پھونک مار کر دم کر دے اور اس کے رومال پر عطر گلاب لگا کر اسی میں پھول کو لپیٹ کر اپنے بکس، تجوری یا جہاں مال وغیرہ رکھا ہے وہاں بحفاظت رکھ دے۔ انشاء اللہ چور کبھی بھی مال کو چرا نہیں سکے گا اور نہ ہی کوئی عامل اپنے علم کے زور پر اس کا مال خورد برد کروا سکے گا اور اگر مصلے پر پھول موجود نہ ہو تو مصلے پر بیٹھ کر یا کریم یا کریم یا الکریم کی مسلسل آنکھیں بند کر کے تکرار کرتا رہے۔ اور تھوڑی دیر گزر جانے پر انشاء اللہ پھول جیسے غائب ہوا تھا ویسے ہی وہاں موجود ہو گا۔

(37) زیارت بزرگان دین

اگر کوئی شخص مثلاً مرد و عورت میں سے کوئی اس بات کی خواہش رکھتا ہو کہ مجھے بزرگان دین کو دیکھنا ہے' ان سے باتیں کرنی ہیں' تو ایسے افراد میں سے جو کوئی کسی بزرگ سے بہت زیادہ پیار کرتا ہو تو ماسوائے دربار حضرت غوث الاعظم دستگیر جو کہ بغداد شریف میں مقیم ہیں پورے پاکستان میں چاہے جس بزرگ کے دربار پر حاضری دے اور چند پھول گلاب کے اور ایک عدد چراغ تانبے کا ہمراہ لے کر جائے۔

پھول اس صاحب مزار کے پاس رکھ دے اور چراغ کو ان کے تعویذ کے ساتھ مَس کر لے اور دعائے خیر کر کے اپنی خواہش کا اظہار ظاہری و باطنی طور پر کرے اور گھر چلا آئے پھر اپنے گھر میں پاک و صاف کمرہ کا انتخاب کرے اور سفید لباس کا انتخاب کرے اپنے آپ کو بھی خوشبو سے معطر کرے اور بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھ کر چراغ جلائے اور مصلے پر بیٹھ کر لاتعداد آیت سَلَامٌ' قَوْلاً مِنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ کو پڑھے۔ جب

نیند غلبہ کرے تو اسی مصلے پر سو جائے اور چراغ کو نہ بجھائے بلکہ چراغ خود بخود بجھ جائے گا انشاء اللہ اسی رات اس روحانی بزرگ کی زیارت ہوگی' جس کو وہ چاہتا ہے اور اگر اسی عمل کی مسلسل ریاضت و مداومت کرے تو بہت زیادہ راز و نیاز کی باتیں ہوں گی۔ لیکن ان باتوں کا ذکر کسی سے بھی نہ کرے۔ بعض اوقات صاحب مزار چیزیں بھی کھلاتے ہیں اور ایسی باتوں کا ذکر کرتے ہیں جن کا تعلق کشف سے ہوتا ہے' اگر کسی وجہ سے اس عمل کے باوجود بھی زیارت نہ ہو تو سات دن لگاتار اس عمل کو دہرائے' ضرور وہ روحانی بزرگ تشریف لائیں گے جن کو دیکھنے کا ایک عاشق کو صدیوں سے انتظار تھا۔ بس اپنے عمل کی طرف زیادہ توجہ دیا کرے کوئی بھی صغیرہ و کبیرہ گناہ نہ کرے اور نہ ہی کسی انسان کو ناحق ستائے اور اپنے آپ کو ظاہری و باطنی طور پر شریعت کا پابند بنائے۔ تمام تر عمل کے بعد اس چراغ کو بحفاظت رکھے اور بوقت ضرورت اس کو استعمال کرے اور مراقبہ کرے انشاء اللہ اسی میں استخارہ بھی ہے۔ عمل کی ایک کنجی ہاتھ لگ جائے گی۔ اس سے آگے کہنا ہی کیا۔ اس لئے کوئی بھی صاحب جن کو یقین نہ ہو یا کوئی بھی بد اعتقاد اس عمل کو کر کے اس کی تاثیر خود اپنی آنکھوں سے بھی دیکھ لے گا اور روحانی طور پر محسوس بھی کرے گا۔ اس عمل کا ایک بڑا فائدہ یہ بھی ہے کہ کوئی بھی اچھا کام شروع کرنے سے پہلے باوضو دو رکعت نماز نفل پڑھے اور سورہ الحمد شریف (100) مرتبہ سَلَامٌ قَوْلاً مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ پڑھے۔ اپنی آنکھیں بند رکھے اور تصور اللہ کا جمائے انشاء اللہ اس کام کے کرنے یا نہ کرنے یا کامیاب ہونے یا نہ ہونے کا زبردست اشارہ ہو جائے گا۔

(38) تکلیف و بیماری کا روحانی علاج

اگر کوئی مرد و عورت ایسی لاعلاج بیماری کا شکار ہو گئے ہوں کہ تمام کے تمام ڈاکٹر و حکماء نے جواب دے دیا ہو تو اللہ کی رحمت سے مایوس نہ ہوں بلکہ اس مریض کے علاج کیلئے اپنے گھر میں ایک ختم شریف کی شکل میں جلسہ منعقد کرائیں اور ہمسایہ وغیرہ کو بھی اس میں بلائیں۔ یہ اس صورت میں اگر کوئی مرد مریض ہے تو تمام مردوں کو دعوت دی جائے اور اگر کوئی خاتون بیمار ہیں تو صرف خواتین کو مدعو کیا جائے اور سوالاکھ مرتبہ سورہ یٰسین شریف کو پڑھا دیا جائے اور پاس مریض کو بٹھانا یا لٹانا ضروری ہے اگر اللہ کی طرف سے اسکی زندگی بڑھی ہوگی تو انشاءاللہ سوالاکھ کی مدت ختم نہ ہوگی کہ وہ صحت یاب ہوگا اور اگر اللہ کی طرف سے موت ہوگی تو مریض بغیر کسی اذیت و برداشت کئے بہت آرام اور سکون سے اپنے خالق حقیقی سے جا ملے گا۔

(39) بدنما چہرے پر نور پیدا کرنے کیلئے

اس عمل کو 21 دنوں تک کیا جائے تو پھر دیکھے کہ چہرے پر کیسی کشش پیدا ہوتی ہے اور چہرے پر نور کیسے آتا ہے اس عمل کیلئے جہاں گوالے اپنی گائے کا دودھ دھوتے ہیں وہاں سے روز پاؤ یا آدھ کلو یا زیادہ دودھ لے کر آئے اور اس دودھ میں سے اتنا علحیدہ ایک پاک برتن میں رکھ دے جتنا چہرے پر مل کر ختم ہو جایا کرے بقایا کسی گھریلو کاموں میں استعمال کرے۔ جو پاک برتن میں دودھ نکالا ہوگا اس پر (100) مرتبہ الله نور السموات والارض پھر ایک مرتبہ سورہ یٰسین شریف پھر (100) مرتبہ الله نور السموات والارض پڑھ کر کچے دودھ پر دم کر کے اسی وقت پاک روئی سے بھگو کر مصلے پر بیٹھ کر ہی اپنے چہرے پر لگائے اور تب تک لگا کر

مالش کرتا رہے جب تک دودھ ختم نہ ہو جائے اس روحانی عمل سے آئینہ میں پہلے اور بعد میں دیکھ لے کہ کتنا فرق پڑتا ہے دودھ چہرے پر زیادہ رگڑ کر ملنے سے جلد کے اندر جلد جذب ہو جائے گا۔

نوٹ: اس عمل کو خواتین حیض کی حالت میں نہ کریں۔

(40) مقدمات میں فتح و کامیابی

اگر کوئی جائز حق عدالت سے چاہتا ہو اور کسی بھی وجہ سے کوئی شنوائی نہ ہو رہی ہو تو روزانہ مقدمہ میں کامیابی تک سورۃ یٰسین شریف بعد نماز فجر سورج کے طلوع ہونے کے ساتھ ہی پڑھے اور منہ اپنا سورج کی طرف ہی رکھے۔ پڑھنے کی کوئی قید نہیں۔ کم از کم ایک مرتبہ اور زیادہ سے زیادہ جتنا مرضی پڑھ لے۔ پہلے دن اس عمل کو کر کے اس سے اگلے دن نقش ہذا کو پورا کرے۔ پھر اپنا وہی عمل سورج کے سامنے پڑھنے والا دہرا کر نقش کے اوپر دم کر دے اور لپیٹ کر موم جامہ کر کے اپنے سیدھے بازو پر باندھے اگر عمل کرنے والا مرد ہو اور اگر عورت ہو تو عمل کر کے نقش اپنی الٹے بازو پر باندھے یا گلے میں ڈال لے۔ پھر یٰسین شریف پڑھنے والا عمل جاری رکھے۔ جب تک مقدمہ میں فتح و کامیابی نہ ہو۔ اس عمل سے روحانی طور پر ایسے وسیلے بنیں گے کہ ہر صورت میں عمل کرنے والا ہی کامیاب ہو گا۔

(41) اولیائے اکرام کے زمرے میں اٹھنا

اگر کوئی شخص اپنے گناہوں سے بارگاہ الٰہی میں سچے دل سے توبہ کر چکا ہو اور آئندہ کیلئے محفوظ رہنا چاہے اور اللہ کی تابعداری کرنا چاہے تو سب سے پہلے اپنے آپ کو اس طریقہ پر ڈھالے جس طریقہ پر ہمارے نبی و آقا ﷺ فائز ہیں۔ نماز و روزہ پر زیادہ سے زیادہ توجہ دے اور صبح کی نماز کے بعد سورہ یٰسین شریف پڑھتا ہوا جب آیت سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيمٍ پر پہنچے تو باطنی طور پر گڑگڑا کر اللہ تعالیٰ سے اپنے پچھلے گناہوں پر نادم ہو اور آئندہ کیلئے اللہ کی رحمت کی دعا کرے' عاجزی و انکساری کے ساتھ۔ پھر سورہ شریف کو اس سے آگے پڑھ کر ختم کرے۔ پھر عشاء کی نماز کے بعد اسی طریق سے عمل کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر چھوٹی بڑی غلطی کو معاف فرمائیں گے اور اپنی رحمت سے اس کا درجہ بلند کریں گے۔ آمین۔

(42) لڑکی کے رشتے و شادی کیلئے

نوجوان لڑکی کی شادی میں اگر بہت زیادہ رکاوٹیں ہوں یا کسی نے سفلی عمل' جادو ٹونہ کے ذریعے رشتہ باندھ دیا ہو۔ اس صورتحال میں سورہ یٰسین شریف کو کثرت سے ورد کرے اور روزانہ عمل شروع کرنے سے پہلے مشک و زعفران سے روزانہ صبح سورج نکلنے کے ساتھ ایک نقش تحریر کر لیا کرے۔ اسی طرح چار عدد نقش تحریر کرے۔ جب چاروں نقش تیار ہو جائیں تو ایک عدد نقش کو اپنے گلے میں باندھ لے۔ دوسرے نقش کو ہوا میں لٹکا دے' اپنے گھر اپنے کمرے میں۔ تیسرے نقش کو اپنی چارپائی پر اپنے تکیے کے نیچے رکھ لے اور چوتھے نقش کو فریم کروا کر گھر میں داخل ہونے والے دروازہ یعنی مین گیٹ کے اوپر لگا دے۔ اس دوران ہر نماز کے بعد ۱۱۲

شریف کی کثرت سے تلاوت کرے اور خشوع و خضوع کے ساتھ دعا کرے۔ اس عمل کی بدولت ہر بندش و رکاوٹ دور ہو گی اور اچھی سے اچھی جگہ سے رشتے آنے شروع ہو جائیں گے اور بہت جلد شادی بھی ہو جائے گی۔

جبرائیل	بسم اللہ الرحمن الرحیم	عزرائیل
علیم حکیم	یا بدوح [illegible] اللہ [illegible]	علیم حکیم
میکائیل	سلام قول من رب الرحیم	اسرافیل

(43) ہر بچہ و بڑا، جن، جادو، چڑیل، بھوت و مسان سے محفوظ رہے

اس عمل سے ہر کسی کی بد نظر و بد اثرات بالکل جڑ سے ہی ختم ہو جاتے ہیں عمل کو کرنے سے پہلے کامل پرہیزگاری کے ساتھ مصلے پر بیٹھ کر ایک عدد نئی چھری لائے اور دو قسم کے نئے سرخ و کالے رنگ کے دھاگے لا کر سورہ یٰسین شریف کے پہلے اور آخر میں 11 مرتبہ درود شریف اور درمیان میں 5 مرتبہ سورہ یٰسین شریف مبین در مبین پڑھ کر چھری پر دم کرے اور کالے دھاگے کو اس کی دھار پر لپیٹنا شروع کرے اور سَلَامٌ قَوۡلًا مِّنۡ رَّبٍّ رَّحِیۡمٍ مسلسل پڑھتا رہے۔ جب دھاگہ ختم ہو جائے تو پھر دم کر دے پھر اسکے اوپر سُرخ رنگ کا دھاگہ لپیٹنا شروع کرے اور پھر آیت سَلَامٌ قَوۡلًا مِّنۡ رَّبٍّ رَّحِیۡمٍ پڑھتا رہے جب دھاگہ ختم ہو جائے پھر اس پر دم

کرے۔ پھر اس دھاگہ لپٹی چھری پر اچھی طرح عطر گلاب یا کوئی تیز خوشبو ملا موم جامہ سے لپیٹ کر جس کسی بھی ایسے مذکورہ مریض کے سرہانے رکھ دے گا وہ طور پر زبردست سکون محسوس کرے گا اور آئندہ کیلئے محفوظ بھی رہے گا۔ مجرب ہے

(44) دشمن ہلاک ہو

اگر کسی شیطان صفت انسان نے دوسرے شریف لوگوں کی زندگی اجیرن کر دی ہو اور کسی بھی طرح سمجھانے پر وہ اپنی من مانیوں پر اڑا رہے تو ایسے دشمن کو اس کی اپنی بنائی ہوئی ہلاکت میں ڈالنے کے لئے کسی پرانے قبرستان میں جا کر بہت پرانی قبروں کے درمیان میں بیٹھ کر سر برہنہ ہو کر دشمن کی اذیت ناکی کی نیت کی غرض سے 21 مرتبہ سورہ یٰسین شریف پڑھے۔ اس عمل کو 5 دنوں تک دہرائے۔ انشاءاللہ اس دوران وہ خود پریشانیوں سے دوچار ہو گا اور کسی بھی دوسرے بھلے مانس آدمی کو رسوا نہیں کر سکے گا۔

(45) بانجھ عورت

اگر کوئی عورت بانجھ ہو جائے تو وہ اس عمل کو کرے۔ یہ عمل کرنے سے ایک بات واضح طور پر سامنے آئے گی کہ واقعی وہ عورت حاملہ ہو گی یا نہیں۔ اس عمل کو حیض سے پاک ہو کر نہا دھو کر روزہ رکھے اور افطاری کا وقت آنے سے پہلے 7 مرتبہ سورہ یٰسین شریف دودھ پر دم کر کے پی لے۔ لیکن کچھ نہ کھائے اگر دودھ کی قے ہو جائے تو پھر ناامیدی ہے۔ اگر دودھ ہضم ہو جائے تو پھر یہی عمل کرے مراد ضرور بر آئے گی۔ ناامیدی ہونے کی صورت میں پریشان نہ ہو بلکہ اسی عمل کو روزوں کے ساتھ سات دن تک کرے۔ پھر اپنے خاوند سے ہم بستر ہو اور کچھ دن انتظار کرے

جب حمل نہ ٹھہرے تو مذکورہ کتاب میں سے کوئی اور عمل کرے۔ انشاءاللہ مسلسل ریاضت کی بناپر ضرور صاحب اولاد ہو جائے گی۔

(46) سوزاک کا روحانی علاج

اگر کوئی اس موذی مرض کا شکار ہو تو مشک وزعفران سے آیت سَلَامٌ قَوۡلاً مِّنۡ رَّبٍّ رَّحِیۡمٍ چینی کی پلیٹ پر پانچ مرتبہ لکھ کر دریا یا بارش کے پانی سے دھو کر صبح نہار منہ پی لیا کرے۔ اس عمل کو 7 دن تک کرے۔ اس کے بعد اس نقش کو پانی میں گھول کر اسی طریقہ سے پیئے۔ اس مرض سے مکمل نجات ہو گی۔ اس عمل کو مسلسل شفا تک جاری رکھے اور صبح کے وقت کرے۔

(47) کی درازی عمر کیلئے

اگر بچے پیدا ہوتے ہی مر جاتے ہوں اور کسی بھی علاج و معالجے سے فرق نہ پڑ رہا ہو تو پھر عورت اس مرحلے میں ہو کہ وقت پیدائش سے پہلے یا چند دن یا زیادہ عرصہ پہلے کچھ میٹھی چھالیہ لے کر اس پر سورہ یٰسین شریف 7 مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور ساتھ ہی اس نقش کو مشک وزعفران سے لکھ کر چھالیہ کے اندر ہی لپیٹ کر اس طریقہ سے باندھے کہ نقش پیٹ کے اوپر رہے پھر پیدائش کے فوراً بعد اسی نقش و چھالیہ کو بچے کے گلے میں ڈال دے انشاءاللہ بچہ درازی عمر پائے گا۔

(48) بربادئ دشمن کیلئے

اگر کوئی دشمن واقعی فعل حرام سے باز نہ آتا ہو تو کسی پرانی قبر سے سوا کلو مٹی لاکر اسے اپنے گھر یا باہر محفوظ مقام پر گوندھ کر زمین پر لیپ کرے اور ایک فولادی

چھری سے دشمن کا تصور اس مٹی پر اتارے اور 40 دنوں تک اس طرح اسی چھری کو سورہ یٰسین شریف ایک مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور دشمن کے بنائے ہوئے تصور میں جس جگہ مرض کا لاحق دے۔ دشمن خود روز بروز بیمار ہوگا اور عمل تمام ہونے تک اس عمل کا روزانہ چھری کا لاحق کیا کرے اور جب اگلا دن آئے جب تک چھری نہ نکالے جب تک پوری سورہ یٰسین شریف نہ پڑھ لے جب سورہ یٰسین ختم کرے تو چھری نکال کر دم کر کے پھر چبھو کر آجایا کرے اس عمل کو مخصوص حفاظت کے مقام پر کرے۔

(49) کند ذہن کیلئے

اگر کوئی بچہ یا کند ذہن ہو۔ جو کچھ پڑھے یاد نہ رہتا ہو' تو جب بارش ہو اس پانی کو سنبھال کر رکھے اور اس پانی پر سورہ یٰسین شریف روزانہ ایک مرتبہ بعد نماز فجر پڑھ کر کند ذہن 7 دنوں تک پلائے۔ کند ذہنی ختم ہوگی اور حافظے میں تیزی پیدا ہوگی جو کچھ پڑھے یا سنے گا وہ یاد رہے گا۔

(50) کشف الارواح کیلئے

روزانہ 40 دنوں تک کشف الارواح کیلئے باطہارت و پرہیزگاری کی حالت میں پاک و صاف کپڑوں میں اور پاک و صاف مقام پر اپنے ارد گرد حصار کرے اور سورہ یٰسین شریف کو زبانی حفظ کرے پھر اس عمل کو کرے آنکھیں بند کر کے اور ایک چراغ سامنے جلا کر سورہ یٰسین شریف آہستہ آہستہ پڑھنا شروع کرے۔ اس عمل کو عشاء کی نماز کے بعد کرے اور فجر کی نماز تک پڑھتا رہے تعداد کی کوئی قید نہیں۔ اس دوران بعض روحانی مخلوقات سے رابطہ پیدا ہوگا اور کانوں میں غائبانہ طور پر غیبی باتوں سے نوازا جائے گا۔ اس عمل کا یا ان غیبی باتوں کا کسی سے ذکر نہ کرے۔ 40 دنوں کے بعد

چھری سے دشمن کا تصور اس مٹی پر اتارے اور 40 دنوں تک اس فولادی چھری پر سورہ یٰسین شریف ایک مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور دشمن کے بنے ہوئے تصور میں جس جگہ مرضی گاڑھ دے۔ دشمن خود روز بروز برباد ہوگا اور فعل حرام سے باز رہے گا روزانہ چھری گاڑھ دیا کرے اور جب اگلا دن آئے تب تک چھری نہ نکالے جب تک پوری سورہ یٰسین شریف نہ پڑھ لے جب سورہ یٰسین ختم کرے تو چھری نکال کر دم کر کے پھر چھو کر آجایا کرے اس عمل کو مخصوص حفاظت کے مقام پر کرے۔

(49) کند ذہن کیلئے

اگر کوئی بچہ یا کند ذہن ہو۔ جو کچھ پڑھے یا سنے یاد نہ رہتا ہو' تو جب بارش ہو اس پانی کو سنبھال کر رکھے اور اس پانی پر سورہ یٰسین شریف روزانہ ایک مرتبہ بعد نماز فجر پڑھ کر کند ذہن 7 دنوں تک پیئے۔ کند ذہنی ختم ہوگی اور حافظے میں تیزی پیدا ہوگی جو کچھ پڑھے یا سنے گا وہ یاد رہے گا۔

(50) کشف الارواح کیلئے

روزانہ 40 دنوں تک کشف الارواح کیلئے باطہارت و پرہیزگاری کی حالت میں پاک وصاف کپڑوں میں اور پاک وصاف مقام پر اپنے ارد گرد حصار کرے اور سورہ یٰسین شریف کو زبانی حفظ کرے پھر اس عمل کو کرے آنکھیں بند کر کے اور ایک چراغ سامنے جلا کر سورہ یٰسین شریف آہستہ آہستہ پڑھنا شروع کرے۔ اس عمل کو عشاء کی نماز کے بعد کرے اور فجر کی نماز تک پڑھتا رہے تعداد کی کوئی قید نہیں۔ اس دوران بعض روحانی مخلوقات سے رابطہ پیدا ہوگا اور کانوں میں غائبانہ طور پر مخفی باتوں سے نوازا جائے گا۔ اس عمل کا یا ان مخفی باتوں کا کسی سے ذکر نہ کرے۔ 40 دنوں کے بعد

تمام حجابات اٹھ جائیں گے اور ظاہری و باطنی طور پر انسان کو مخلوق اور ہر چیز کا مکاشفہ ہوتا رہے گا مثلاً اگر کوئی بیمار سامنے آئے گا اس کو ٹھیک کرنے کے لئے ہر طرح سے مدد کی جائے گی اور دوسرے دنیاوی مختلف امور پر ہر طرح کے حالات سے آگاہی ملتی رہے گی۔40دن کے بعد روزانہ صرف ایک مرتبہ بعد نماز صبح اور ایک مرتبہ بعد نماز عشاء پڑھتا رہے تاکہ اس عمل پر مکمل عبور رہے۔

(51) تجارت، دکانداری اور کاروبار میں ترقی کیلئے

ان تمام امور کیلئے صبح نماز فجر کے بعد باوضو حالت میں سب سے پہلے کاغذ پر پوری سورۃ یٰسین شریف زیر وزبر کے ساتھ لکھے اور عطر وغیرہ لگا کر رکھ لے پھر اگلے دن صبح (21) مرتبہ سورۃ یٰسین شریف پڑھ کر اس لکھی ہوئی سورۃ شریف پر دم کرے اور اپنی تجارت والی جگہ دکان یا کسی بھی کاروبار کی جگہ پر بحفاظت رکھ دے۔ ہر طرح سے مال وترقی رزق وروزی میں برکت ہوگی اگر کوئی بندش بھی ہوگی تو ہر طرح سے ختم ہوگی۔

(52) کوئی بھی مہم انجام پانے کیلئے

اگر کسی شخص کو کسی حاکم، امیر، یا کسی افسر سے جائز حاجت ہو اور اس کی خواہش ہو کہ میرا کام بخوبی انجام پا جائے اور وہ انکار نہ کرے جبکہ حاجت بھی جائز ہو تو وہ اس کے پاس جانے سے پہلے 35 مرتبہ سورہ یٰسین شریف پڑھ کر اس کے پاس جائے لیکن پڑھتے ہوئے جب آیت سَلَامٌ قَوْلاً مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيمٍ پر پہنچے تو فوری طور پر سجدے میں جا کر اس کا مکمل تصور رکھے جس سے حاجت ہے اور چند مرتبہ پڑھے پھر آگے سورہ شریف پڑھے اسی طرح سے جتنی استعداد ہوا کرے اور اللہ سے اپنے مقصد کی دعا کرے۔ پھر حاکم کے پاس جائے۔ انشاءاللہ وہ حاکم یا افسر انکار نہیں کرے گا بلکہ

اس کا ساتھ دے گا۔

(53) گائے، بھینس و بکری کے دودھ میں زیادتی کیلئے

دودھ دینے والے جانور اگر دن بدن بیمار ہو جاتے ہوں یا دودھ کم دیتے ہوں یا کوئی بھی بیماری ان کو لگ جائے تو روزانہ ایک یا دو مرتبہ سورہ یٰسین شریف پڑھ کر پانی پر دم کر کے وہ پانی ان کو پلائے وہ ہر طرح کی بیماریوں سے بچے رہیں گے اور آئندہ کے لئے دودھ میں زیادتی ہو گی۔

(54) برائے حب

بروز بدھ عروج ماہ کو سورہ یٰسین شریف تین مرتبہ اس طریق سے پڑھے کہ جب لفظ مبین پر آئے تو مطلوب کا مکمل تصور رکھ کر اس کو 41 مرتبہ دھرائے اسی طرح سات مبینوں کو پڑھے اور کسی میٹھی چیز پر دم کر کے کھلا دے وہ زیادہ سے زیادہ پیار کرے گا۔

(55) دودھ و مکھن زیادہ ہو

اگر کوئی گوالہ یا گھریلو خواتین دودھ یا مکھن ہلاتے وقت اس نقش کو مدھانی سے باندھ دے اور اس کام کو شروع کرنے سے پہلے روزانہ چاٹی پر سورہ یٰسین شریف پڑھ کر دم کرتا رہے تو اس کی برکت سے دودھ و مکھن زیادہ ہو گا۔

(56) زیارت حضور نبی کریم ﷺ

آقائے نامدار حضور نبی کریم ﷺ کی زیارت و باطنی توجہ کیلئے چند ضروری ہدایات پر عمل کرے، پھر اس کو شروع کرے۔ سب سے پہلے اپنے آپ کو مکمل ظاہری و باطنی طور پر شریعت کا پابند بنائے اور زیادہ سے زیادہ قرآن مجید کی تلاوت کے

ساتھ احادیث مبارکہ کا مطالعہ کرے اور وہ تمام کام کرے جس کے کرنے کا قرآن و حدیث میں ذکر موجود ہے پھر اس عمل کو 41 دنوں کی قید و بند میں پڑھے۔ یہ عمل رزق وروزی کو بھی فراخ کرتا ہے۔ سورہ یٰسین شریف کی آیت سَلٰمٌ قَولاً مِّن رَّبٍّ رَّحِیم کو روزانہ گیارہ ہزار مرتبہ پڑھے اگر یہ عمل رات کو بعد نماز عشاء کرے تو بہت بہتر ہے' انشاءاللہ زیارت کے ساتھ تمام جائز مقصد حل ہوں گے۔

(57) کشف قلب

اگر کسی کو اس علم کا حاصل کرنا مطلوب ہو تو سب سے پہلے سورہ یٰسین شریف مبین در مبین زبانی حفظ کرے اور روزانہ بعد نماز فجر 40 دنوں تک صرف ایک مرتبہ اس طریق سے پڑھے کہ جو حروف زبان سے ادا کرے وہی دل پڑھے۔ تمام کا تمام عمل آنکھیں بند کر کے پڑھے اور اپنے دل کی طرف توجہ دیا کرے۔ انشاء اللہ 40 دنوں کے اندر اندر دل کے مقام سے ایسی نورانی شعاعیں پھوٹیں گی کہ دنیا کی کوئی بھی شے اس سے چھپ نہیں سکے گی۔ تمام کے تمام علوم اس کو معلوم ہوں گے۔ خزانوں کے دفینے دیکھے گا غرض کہ جو کچھ اس کائنات میں مخفی ہے وہ ظاہری طور پر اسے دیکھ اور محسوس کر سکے گا۔ اگر عمل پورا نہ ہو تو اسے ترک نہ کرے بلکہ مسلسل کرتا رہے کیونکہ عمل میں کوئی نقص نہیں ہوتا۔ اپنے عمل میں کچھ ایسی بات ضرور ہوتی ہے جس کی بنیاد پر یہ پورا نہیں ہوتا' اس لئے کامیاب ہونے کے لئے تمام تر طریقہ کار کو ضرور بروئے کار لائے ضرور بہ ضرور کامیاب ہوگا۔

(58) چیچک

اگر کوئی بھی اس مرض میں بار بار مبتلا ہو۔ چیچک نکلنے کی شکایت کسی کو ہو تو اس روحانی عمل سے چیچک دوبارہ کبھی بھی نہیں نکلے گی بلکہ اس کا جڑ سے خاتمہ ہوگا۔

اس کے لئے دو رنگ کے نیلے و کالے دھاگے لے کر ان دونوں کو آپس میں ملائے اور صبح نماز فجر کے بعد اس نقش کو تحریر کرے اور دھاگوں کو ہاتھ میں پکڑ کر دونوں کے سرے ملائے اور درمیان میں گانٹھ کی شکل کا دائرہ بنائے گانٹھ نہ لگائے اور سورہ یٰسین شریف پڑھنا شروع کر دے۔ جب پہلی مبین پر پہنچے تو اس دائرہ کے اندر زور سے پھونک مار تا مار تا گانٹھ لگا دے پھر اسی طریق سے دائیں اور بائیں گول دائرے بنا کر اگلی مبین آنے تک گانٹھ لگا کر سات گانٹھیں لگا دے اور چیچک والے کے گلے میں باندھ دے اس مرض سے ہمیشہ کے لئے جان چھوٹ جائے گی۔

(59) برائے حاضرات

یہ عملیات کی دنیا کا سب سے زبردست عمل ہے لیکن اس عمل کا عامل بننے کیلئے سب سے پہلے اس آیت کو سوا لاکھ مرتبہ پڑھ کر اس کی زکوٰۃ ادا کر دے۔ پھر اس سے حسب ذیل کام لے سکتا ہے کہ کسی بھی بارہ سال کے بچے یا بچی پر سب کچھ معلوم کر سکتا ہے اور اگر اس آیت کو سوا لاکھ سے زیادہ پڑھ لے اور روزانہ اسی پر مداومت کرتا رہے تو کوئی بھی بڑے مرد و عورت کسی پر بھی حاضرات کروا کر خود بھی اور دوسروں کو بھی وہ سب کچھ دکھا سکتا ہے جو ایک عام انسان کو دکھائی نہیں دیتا۔ عامل بننے کیلئے اس آیت کو پرہیز جلالی و جمالی رکھتے ہوئے پڑھے۔

وَجَعَلْنَا مِنْ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّاوَّ مِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّاَ فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَاَ يُبْصِرُوْنَ

پھر بوقت ضرورت اپنے سیدھے ہاتھ سے دونوں آنکھیں بند کر کے صرف چند مرتبہ وہی پڑھے گا اور پھونک مار دے گا تو جو بھی غیر مخلوق ہو گی وہ فوراً حاضر ہو کر کلام کرے گی۔ آگے عامل کی مرضی ہے وہ آزاد کرتا ہے یا کوئی بھی سلوک کرتا ہے۔

(60) چلہ برائے زیارات وہر جائز کام

اس عمل سے زبردست قسم کے بزرگوں کی زیارات ہوتی ہیں اور کسی بھی کام میں کوئی رکاوٹ نہیں پڑتی بلکہ خود ہی اللہ کی مدد سے بخوبی انجام پاتا ہے۔ سب سے پہلے پاک وصاف بستر کے ساتھ پاک وصاف لباس وجگہ منتخب کرے اور 40 دنوں تک سورہ یٰسین شریف کو 21 مرتبہ مبین در مبین پڑھے۔ 40 دنوں کے بعد اس کا عامل بن جائے گا۔ عامل بننے کے بعد کسی کو بھی زیارت کروا سکے گا۔

(61) روزانہ پیش آنے والے واقعات کا علم بذریعہ خواب

جو شخص روزانہ رات کو سونے سے پہلے اپنے پاک بستر پر سورہ یٰسین شریف اس نیت سے پڑھ کر اپنے سیدھے ہاتھ پر دم کر کے اپنے سر کے نیچے رکھ کر سو جائے اسے اگلے دن کے تمام واقعات بذریعہ خواب معلوم ہو جایا کریں گے، لیکن اس سے پہلے اس سورہ کو زبانی حفظ کرے اور زیادہ سے زیادہ اس کی ریاضت کرے۔ پھر اگر چاہے روزانہ یا کسی مخصوص دن کا پتہ لگانے کیلئے اس عمل کو کرے۔ انشاء اللہ کسی اشارے کے ذریعے یا کسی بھی طریقہ سے آگاہی ہو جایا کرے گی۔

(62) کسی کو تعویذات پلائے گئے ہوں

اگر اس کی مکمل تصدیق ہو جائے کہ واقعی کسی کو بد تعویذات ہی پلائے گئے ہیں اور اس کا پورا ثبوت بھی مل جائے اور مریض کی حالت دن بدن خراب ہو رہی ہو تو بازار سے ایک پانی بھرنے والا مٹکا لا کر اس میں دریا یا نہر کا پانی ڈال دے اور 101

مرتبہ معوذتین اور ایک مرتبہ سورہ یٰسین شریف اور آیت سَلَامٌ قَوْلًا مِّن رَّبٍّ رَّحِيمٍ کی کم از کم 100 مرتبہ تکرار کرے اور آخر میں پھر (101) مرتبہ معوذتین پڑھ کر دم کر دیا کرے اس عمل کو 7 دنوں تک کرے اور عمل کے شروع میں ہی اس کو صحت ہو جائے گی اور مکمل طور پر ہر تعویذات کا اثر باطل ہو گا اور آئندہ کیلئے بھی محفوظ رہے گا۔

(63) کالے علم کے ذریعے تیار کردہ اشیاء کا جڑ سے ختم کر دینا

اگر کسی گھر یا دوکان یا کسی بھی جگہ سے، سہہ کے تکلے، انڈوں پر کچھ حروف یا کوئی نقش بر آمد ہو جائیں تو فوری طور پر وضو کر کے ان کو اپنے سامنے رکھ کر ایک چھری لے کر سب سے پہلے ایک مرتبہ سورہ یٰسین شریف اول و آخر 7،7 مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر اپنی اور ان اشیاء جو بر آمد ہوں کا حصار کرے اور اسی وقت سورہ یٰسین کو سات مرتبہ پڑھ کر ایک سفید رنگ کے کپڑے پر دم کر کے اس کے اندر یہ سب چیزیں رکھ کر اوپر سے موم جامہ لپیٹ کر کالے دھاگے سے اچھی طرح باندھ دے۔ پھر دریا یا نہر میں بہادے۔ گھر آکر نہالے۔ اس عمل سے ان سب چیزوں کا اثر زائل ہو جائے گا جس برے مقصد کی نیت سے کیا گیا ہے۔ فوری طور پر اثر زائل ہو گا اور کرنے یا کروانے والوں کی طرف لوٹ جائے گا۔

(64) شادی اپنی مرضی کی ہو

اپنی مرضی و پسند کی جگہ جائز طور پر شادی کرنے کے لئے سب سے پہلے ختم شریف دلوائے جس میں خصوصاً سفید چاول دودھ اور چینی ہوں اور موسمی پھل کوئی سا

بھی حسب توفیق اپنے سامنے رکھ کر اپنی نیت کو تصور کا مکمل جامہ پہنا کر سورہ یٰسین شریف کو شروع کرے اور ایک مرتبہ پڑھ کر ان چیزوں پر دم کر دے اور یہ چیزیں غریبوں و مسکینوں اور بچوں میں بانٹ دے۔ بعد اس کے عمل کو روزانہ بعد نماز فجر اور بعد نماز عشاء 11 مرتبہ پڑھے انشاءاللہ بہت زیادہ امید ہے کہ شادی پسند کی ہی ہو۔

(65) بھدہ چہرہ خوبصورت ہو

جن افراد کے چہرے پر داغ دھبے، کیل، مہاسے یا دانے نکل آئے ہوں اور دانے ختم ہونے کے ساتھ نشان رہ جائیں یا رخساروں کا رنگ سیاہ پڑ گیا ہو تو ہر نماز کے بعد اس آیت کو سَلَامٌ ' قَوْلًا ' مِنْ رَبٍّ الرَّحِيْمِ 150 مرتبہ پڑھ کر ہاتھوں پر دم کر کے اپنے چہرے پر پھیر لیا کرے اور اس نقش کو پانی میں گھول کر صبح اٹھتے ہی اس پانی سے منہ دھویا کرے اور کوئی بھی صابن استعمال نہ کرے۔ اس عمل کو دن میں کئی مرتبہ کیا کرے، لیکن اس کا پانی ضائع نہ کرے بلکہ اس عمل کے لئے ایک طشت وغیرہ کا پہلے سے بندوبست کر کے رکھے باقی پانی کو پودوں میں ڈال دیا کرے۔

(66) شوگر

اگر کسی کو خون میں شوگر ہو تو اس کے کامل علاج کے لئے اور صحت کی خاطر گیہوں کے 21 دانے لیکر بعد نماز فجر تھوڑا سا پانی رکھ لے اور ایک مرتبہ سورہ یٰسین شریف پڑھ کر دم کر دیا کرے اور ایک دانہ پر دم کرے اور کھالے اور دم کیے ہوئے پانی کو پی لے۔ شوگر سے مکمل بچاؤ ہوگا اور اگر شوگر پیشاب میں ہو تو چند دانے سفید تلوں کے لے کر ان پر سورہ شریف کو لکھے گئے طریقہ کار کے مطابق استعمال کرے۔

(67) بلڈ پریشر

روزانہ ایک عدد لہسن 21 دنوں تک ایک مرتبہ سورہ یٰسین شریف پڑھ کر دم کر کے کھالیا کرے یا ویسے ہی نگل لیا کرے۔ انشاء اللہ بلڈ پریشر سے مکمل نجات ہو گی اس کے علاوہ سونف اور دھنیے کی گری ہم وزن لے کر دن میں تین تین مرتبہ کھائے بلڈ پریشر اعتدال پر رہے گا۔

(68) رات کو سوتے میں چلنا

اگر کسی بچے یا بڑے کو رات کو سوتے میں چلنے کی شکایت ہو تو وہ اس عمل کو کرے۔ انشاء اللہ مکمل شفا ہو گی اور کبھی بھی رات کو نہیں چلے گا۔ اس نقش کو 10 مرتبہ زردے کے رنگ سے لکھے۔ ایک کو مریض کے گلے میں باندھ دے اور بقایا نو روز تک ایک نیا نقش دھو کر پی لے۔

(69) گھر میں سب کا بیمار ہونا

اگر گھر میں ناگہانی آفتوں کی وجہ سے روز کوئی نہ کوئی بیمار ہو جاتا ہو اور بیمار ہونے کی کوئی وجہ بھی خاص نہ ہو تو اس ایک نقش کو زعفران سے لکھ کر گھر کے باہر مین گیٹ پر فریم کروا کر لگائے اور ایک نقش کو گھر میں ایسی جگہ لٹکائے جہاں وہ ہوا سے ہلتا رہے اور سورہ شریف کو روزانہ نماز فجر کے بعد پانی پر دم کر کے سب پئیں انشاء اللہ گھر میں کوئی بھی بیمار یا پریشان نہیں ہو گا مجرب و آزمودہ ہے۔

(70) سوکڑا

اگر کسی بچے کے اس مرض سے جسمانی اعضاء ناکارہ ہو گئے ہوں تو خالص

زیتون کا تیل لا کر بعد نماز ظہر اس پر سورہ یٰسین شریف ایک مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور آیت یٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَکِیْمِ وَ بِحَقِّ سَلٰمٌ قَوْلاً مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ کی 72 مرتبہ تکرار کرے اور اسی دم شدہ تیل سے ان اعضاء کی مالش کرے دوبارہ بحال ہو نگے اگر کوئی بچہ ہو تو اس کے سارے جسم کی مالش کرے۔ اور ایک عدد نقش مشک و زعفران سے لکھ کر اس کے گلے یا بازو پر باندھ دے سوکڑے سے مکمل نجات ہو گی۔

م	ا	ل	س
۳۱	۵	۳۷	۴
۸ ح	۳۲	۳	۲۸
۲	۲۷	۶	۲۹

(71) نظر بد اور مکان میں جنات کا رہنا

اگر گھر میں تمام افراد بد نظری کے شکار ہوں اور جنات کنکر یا پتھر پھینکتے ہوں اور پریشانیوں نے گھر کا منہ دیکھ لیا ہو تو تانبے کی چار عدد کیلیں (میخیں) تیار کروائے اور ہر ایک کیل پر ایک مرتبہ سورہ یٰسین شریف آیت سَلٰمٌ قَوْلاً مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ کی 100 مرتبہ تکرار کے ساتھ پڑھے اور کیل پر دم کر دے اس طرح چاروں کیلوں پر دم کرے اور گھر کے چاروں کونوں میں میخیں گاڑ دے پھر لوبان و کوڑیا کو پیس لے اور روزانہ 7 دنوں تک ایک مرتبہ پڑھ کر ان پر دم کرے اور کوئلے دہکا کر اس پر تھوڑا سا سفوف ڈال کر پورے گھر میں دھونی دے۔ انشاءاللہ ہر طرح سے حفاظت میں رہیں گے۔

م	ا	ل	ص
٣٩	٣	٣٩	٩٣
٣	٣٣	٣٩	٣٨
٣٠	٣٤	٣	٣١

(72) بچہ دودھ نہ پیئے

اگر کوئی چھوٹا بچہ دودھ نہ پئے تو اس نقش کو 2 لکھے۔ ایک نقش بچہ کے گلے میں ڈال دے اور ایک نقش کو پانی میں دھو کر اس کا پانی بچے کے منہ میں روئی کے ذریعے ڈالے اور پانی کے چھینٹے اس کے منہ پر مارے بچہ دودھ کی خواہش کرے گا۔

م	ا	ل	س
۲۹	۴	۳۹	۹۳
۳	۳۲	۴۹	۲۸
۳۰	۲۷	۴	۳۱

(73) غیر فطری طور پر بہتا ہوا خون بند ہو

اگر کسی خاتون کو سفلی و کالے علم کے ذریعے نشانہ بنا کر غیر فطری طور پر جس سے ڈاکٹر و حکیم حضرات بھی واقف نہ ہوں اور خون بہتا ہی جائے یا کوئی مرد اس کا شکار ہو گیا ہو تو اس نقش کو 7 دنوں تک روزانہ مکمل علاج کے لئے پان کا سوکھا پتہ لے کر اس پر زعفران سے لکھ کر ایسے ہی کھا جائے اسی وقت بہتا ہوا خون بند ہو گا۔

الرحیم	من رب	قول	سلام
۱۳۶	۱۳۲	۲۸۸	۲۹۳
۱۳۳	۱۳۹	۲۹۰	۲۸۷
۲۹۱	۲۸۶	۱۳۴	۱۳۸

(74) درد شقیقہ

یہ مرض سورج نکلنے کے ساتھ شروع ہوتا ہے اور سورج غروب ہونے کے ساتھ ختم ہوتا ہے اس مرض سے مکمل چھٹکارا حاصل کرنے کے لئے ان آیات کو دھو کر پئے اور شربت صندل میں گھولے اور ایک عدد اپنے گلے میں پہن لے اور بوقت درد اس مقام پر پھیرے اور پینے والی آیات 5 دن تک پیئے۔

سلام	قول	من رب	الرحیم
قول	من رب	الرحیم	سلام
من رب	الرحیم	سلام	قول
الرحیم	سلام	قول	من رب الرحیم

(75) بچہ ہر مصیبت، بلاء، مسان، وام الصبیان سے محفوظ رہے

اس نقش کو مع ان آیات و نقش کے پیدائش سے پہلے ہی تیار کر لے یا کروالے اور بعد پیدائش بچے کے کانوں میں اذان دینے کے بعد اس نقش کو اس کے گلے میں پہنا دے اور 5 سال تک اسی نقش کو استعمال کرے۔ 5 سال کے بعد آگے مرضی ہے وہ چاہے نقش پہنے یا نہ پہنے۔

۲۸۹	۲۹۲	۱۳۷	۱۳۱
۱۳۶	۱۳۲	۲۸۸	۲۹۳
۱۳۳	۱۳۹	۲۹۰	۲۸۷
۲۹۱	۲۸۶	۱۳۴	۱۳۸

(76) برائے اولاد

اگر کسی کو اولاد کی خواہش ہو اور اولاد نہ ہو تو اس عمل کو کرے۔ انشاءاللہ ضرور اولاد ہو گی۔ سب سے پہلے اگر کوئی فرد لاہور میں مقیم ہو تو وہ کچھ مہانے و بتاشے دونوں سوا کلو لا کر حضرت داتا گنج بخشؒ کے دربار پر جا کر بانٹے اور دعا کرے اور وہاں سے چینی یا نمک جو بھی ہو وہ حسب توفیق لا کر اس پر 7 مرتبہ سورہ یٰسین شریف پڑھ کر دم کرے اور اسے دن میں دونوں میاں بیوی کھاتے رہیں اور اس نقش کو ایک شیشے کے جگ میں ڈال دے اور روزانہ 21 دنوں تک دودھ اس جگ میں بھر کر نیا نقش تحریر کر کے پئیں۔

۲۰۴	۲۰۷	۲۱۰	۱۵۷
۲۰۹	۱۹۸	۲۰۳	۲۰۸
۲۹۹	۲۱۲	۲۶۵	۲۰۲
۲۰۶	۲۰۱	۲۰۰	۱۱۲

(77) برائے اولاد نرینہ

لڑکا ہی پیدا ہو۔اس عمل کو اس وقت کرے جب حمل دوسرے یا تیسرے ماہ میں ہو۔اس وقت ایک نیلے رنگ کا سوت لے کر اس کو عورت اپنے سر سے لے کر پیر کے انگوٹھے تک 9 مرتبہ اتارے اور اتنا اکٹھا کرے، جتنا گرہ باندھ کر بھی آسانی سے گلے میں باندھے اور اتار سکے۔اب دھاگے کے دونوں سرے ملا کر درمیان میں گول دائرہ بنا لے۔ پھر 21 مرتبہ سورہ فاتحہ ایک مرتبہ سورہ یٰسین شریف پہلی مبین تک پڑھ کر گرہ لگا دے۔اسی طریق پر اگلی مرتبہ دوسری گرہ پر 22 مرتبہ پڑھ کر اگلی مبین تک پڑھ کر گرہ لگائے۔سات گرہوں تک سورہ فاتحہ ایک ایک مرتبہ بڑھاتا جائے اور اسی طرح مبین بھی پھر آخر میں گرہ لگا کر اسے اپنے گلے میں باندھ لے اور روزانہ ان آیات کو صبح نماز فجر کے بعد پانی میں تھوڑی سی چینی ملا کر پی لیا کرے بہت امید ہے کہ اللہ اپنی رحمت ضرور کریں گے۔

یٰسٓ وَالقُرآنِ الحَکِیمِ اِنَّکَ لِمَنَ المُرسَلِینَ

(78) دکان کا مال زیادہ سے زیادہ فروخت ہو

اس نقش کو چار عدد سورج کے نکلنے کے ایک گھنٹے بعد سفید کاغذ پر لکھے۔ ایک عدد نقش کو روپے والی جگہ یعنی دراز میں۔دوسرے نقش کو دکان کے اندر ایسی جگہ لگائے جہاں ہوا سے ہلتا رہے۔ تیسرا نقش اپنے بٹوے میں رکھے اور چوتھا نقش ایک بوتل میں پانی بھر کر اس میں ڈال دے اور صبح دکان کھولتے ہی چاروں کونوں میں اس ترکیب سے چھڑکے کہ پانی نیچے نہ گرے۔اس کے لئے ایک عدد ڈاکٹری سرنج لا کر اس میں تھوڑا سا بھر کے کونے پر پچکاری لگا دیا کرے۔اس عمل کو 21 دن تک کرے۔اس

کے بعد چھینٹے نہ لگائے اور بقایا نقوش کو ویسے ہی رہنے دے۔ انشاء اللہ تمام بندشوں کا خاتمہ ہوگا اور دکان کا مال جلد از جلد فروخت ہو جایا کرے گا۔

(79) دفع شیطان

اگر کسی انسان پر شیطان حکومت کرتا ہو یعنی مکمل طور پر شیطان صفت ہو اور گھرداری کے لئے ضروری فرد بھی ہو تو اس کی اصلاح کرنے کی خاطر تاکہ وہ اپنی شیطانیوں سے دوسروں کو مجروح نہ کرے تو اس نقش کو مشک و زعفران سے لکھ کر اس پر ایک مرتبہ سورہ یٰسین شریف اور آیت سَلَامٌ قَوْلاً مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيمٍ کی 72 مرتبہ تکرار سے پڑھ کر نقش پر دم کر دے اور اسی نقش کو 40 دنوں تک شربت مصری میں ملا کر پلائے۔ انشاء اللہ اپنی شیطان صفت حرکتوں کو ترک کر کے نیک انسان بن جائے گا۔

(80) ہول دل

اگر کوئی اس مرض میں پھنس گیا ہو تو 21 دنوں تک اس روحانی عمل کو جاری رکھے اور مشک وزعفران سے لکھ کر اس پر حسب دل خواہ شہد ڈال کر لپیٹ کر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر کھالے اور ایک عدد نقش کو لکھ کر دل کے مقام پر ٹیپ یا ڈوری کے ساتھ اس طرح باندھے کہ نقش دل کے اوپر رہے اور ایک عدد نقش کو لکھ کر پانی میں ڈال کر اس کا روزانہ پانی پیا کرے۔

م	ا	ل	س
ل	ا	س	م
س	ا	م	ل
م	ا	ل	س

(81) برائے رشتہ

اس نقش کو مشک و زعفران سے لکھ کر اپنے رومال کے اندر رکھ کر پانچ گرہیں لگا کر روزانہ اس پر عطر لگا کر رکھے تو جلد از جلد اس کا اچھی سے اچھی جگہ روحانی طور پر رشتہ طے پا جائے گا اور ان گرہوں پر روزانہ ایک مرتبہ سورہ یٰسین شریف پڑھ کر دم کرتا رہے۔

(82) درد حیض

اگر کسی بچی یا بڑی خاتون کو بوقت حیض درد ہوتا ہو تو اس نقش کو مصری کے شربت کی بوتل کے اندر ڈال دے اور روزانہ اس میں سے تھوڑا تھوڑا پی لے اور ایک نقش کو لکھ کر اس پر ایک مرتبہ سورہ یٰسین شریف پڑھ کر دم کر کے اپنے الٹے بازو کے ساتھ باندھ لے تو اس شکایت سے ہمیشہ کے لئے چھٹکارا ہو جائے گا اور اگر عارضی طور

پر کرنا ہو تو صرف نقش کو باندھ لے تو فوراً درد ختم ہو جائے گا۔ پینے والا عمل 21 دن تک کرے۔

۱۵۷ سلام	۲۲ قول	۲۰۷ من رب	۲۰۴ الرحیم
۲۰۸ قول	۲۰۳ من رب	۱۹۸ الرحیم	۲۰۹ سلام
۲۰۲ من رب	۲۶۵ الرحیم	۲۱۲ سلام	۲۹۹ قول
۱۱۲ الرحیم	۲۰۰ سلام	۲۰۱ قول	۲۰۶ من رب الرحیم

(83) نار و بدن سے ریشہ نکلنا

یہ ایک ایسا موذی مرض ہے جس سے بدن کے کسی بھی حصے سے ریشہ نکلتا ہے۔ اور بہت درد ہوتا ہے اس کے کامل علاج کے لئے سب سے پہلے اس نقش کو پانی میں گھول کر رکھ دے اور نقش کو زعفران سے لکھے۔ جب نقش کے حروف مٹ جائیں تو تھوڑی سی شکر لا کر اس پر بوتل والا پانی ڈال کر شکر کو نرم کر کے پھر نقش کو تعویذ کی طرح لپیٹ کر گوندھی ہوئی شکر کے اندر رکھ کر اس کو گولی کی طرح نگل لے اور اوپر سے دو تین گھونٹ نقش والا پانی پی لے۔ اس مرض سے ہمیشہ کے لئے نجات ہو گی اور ایک مرتبہ روزانہ کسی بھی وقت سورہ یٰسین شریف پڑھ کر ہاتھوں پر دم کر کے زخم پر پھیر لیا کرے۔

۱۳۱ سلام	۱۳۷ قول	۲۹۲ من رب	۲۸۹ الرحیم
۲۹۳	۲۸۸	۱۳۲	۱۳۶
۲۸۷	۲۹۰	۱۳۹	۱۳۳
۱۳۸	۱۳۲	۲۸۶	۲۹۱

(84) ناجائز زنا کا خاتمہ ہو

اگر پکے ثبوت کے ساتھ اس بات کی صحیح تصدیق ہو جائے کہ فلاں مرد کی بیوی کسی اور مرد سے خواہش پوری کرتی ہے یا فلاں بیوی کا مرد فلاں عورت سے اپنی خواہش ناجائز طور پر پوری کرتا ہے اس کے لئے اگر مرد ہو تو اپنی عورت کی پہنی ہوئی قمیض اور اگر عورت ہو تو اپنے مرد کی پہنی ہوئی قمیض لے کر اس کا تھوڑا سا پارچہ پھاڑ کر اس پر ان آیات کو پڑھ کر دم کر دے اور تعویذ کی طرح لپیٹ کر موم کو باریک کر کے ماچس کی دیا سلائی کی مدد سے آگ پہنچائے۔ جب موم پگھلنا شروع ہو تو اس پارچہ قمیض والے تعویذ پر گراتا رہے۔ جب اچھی طرح موم سے لپٹ جائے تو اسے دریا کے کنارے ایک بالشت کھود کر اندر رکھ دے اور اس کے گرد یا کوئی ایسی نشانی لگا دے کہ بھول نہ جائے۔ کیونکہ اس عمل سے بدکار زانی کی شہوت بندھ جاتی ہے۔ چاہے جو کوئی بھی ہو اگر ان میں سے کوئی بھی شہوت زائل ہونے پر نادم و شرمندہ ہو اور معافی کا طلب گار ہو تو جہاں یہ نقش دفنایا تھا وہاں سے نکال کر دریا میں بہادے۔ پھر سے شہوت بحال ہو جائے گی۔

(85) دولت قدم چومے

اگر کسی کی یہ خواہش ہو کہ دولت اس کے قدم چومے تو ایک عدد الائچی کے دانے نکال کر اس پر ان آیات کو 21 دنوں تک 21 مرتبہ روزانہ ایک ہی وقت مقررہ پر پڑھے۔ بعد 21 دنوں کے ان کو سفید کپڑے میں باندھ کر اپنے سیدھے بازو پر باندھ لے اور روزانہ بھی ان آیات کو پڑھ کر ان دانوں پر دم کرتا رہے تو ہمیشہ ہی دولت اس کے قدم چومے گی۔ انشاءاللہ

(86) برائے مفرور

اگر کوئی گھر سے ناراض ہو کر چلا گیا ہو اور اس کو واپس لانا ہو یا کوئی ناجائز طور پر قید ہو گیا ہو اور اس کی رہائی بہت ضروری اور جائز ہو یا کسی بیوی کا میاں کہیں دور چلا گیا ہو یا کوئی چور قیمتی سامان چرا کر لے گیا ہو اور اس کو واپس لانا ہو۔ غرض کہ کوئی بھی کہیں چلا گیا ہو اور اس کی خبر نہ ہو کہ کہاں ہے تو یہ عمل کرے تو وہ شخص بے چین ہو گا جب تک نہیں آئے گا کہیں قرار نہیں پائے گا۔ اس کے لئے اس سورہ یٰسین شریف کو اول یعنی یٰسٓ وَالْقُرْآنِ الْحَكِيْم سے لے کر فَمَا اسْتَطَاعُوْا مُضِيًّا وَّلاَ يَرْجِعُوْنَ تک پڑھے۔ اس کے بعد یہ آیتیں سورہ نور کی پڑھے۔ اَوْ كَظُلُمٰتٍ فِي بَحرٍ لُجّيٍ يَغشٰهُ مَوج" مِن فَوقِهٖ مَوج" مِنّ فَوقِهٖ سَحَاب" ظُلُمٰت" بَعضُهَا فَوقَ بَعضٍ اِذَآ اَخرَجَ يَدَه' لَم يَكَديَرٰيهَا ط وَ مِنّ لَم يَجعَلِ اللّٰهُ لَه نُوراً. پڑھ کر تین مرتبہ پھر سورہ یٰسین شریف اس سے آگے پڑھ کر اپنے دائیں بائیں آگے پیچھے آسمان وزمین پر پھونک دے۔ جیسے پرندہ یا جانور پنجرے سے چھوٹ کر جاتا ہے۔ ایسے ہی وہی شخص گھبرا کر واپس آتا ہے جس کا مکمل تصور باندھا گیا ہو یا اوپر مذکورہ طریقے میں سے کسی بھی مقصد کے لئے کیا گیا ہو۔

(87) بڑی سے بڑی مشکل کا خاتمہ

اگر کوئی ایسی مشکل آن پڑے جس سے ہر عامل بھی پریشان ہو اور مشکل کا چند دنوں میں رفع ہونا بہت ہی ضروری ہو تو وہ سورہ یٰسین شریف کو اس طریق سے پڑھے انشاءاللہ بڑی سے بڑی مشکل ایسی رفع ہو گی کہ یقین بھی نہیں آئے گا۔ سب سے پہلے پاک و صاف لباس و جگہ کا انتخاب کرے، پھر اس عمل کو کرے۔ سورہ یٰسین

کے لفظ یٰسین کو سات مرتبہ پڑھے۔ پھر وَالقُراٰنِ الحَکِیمِ سے فَھُم لاَیُبصِرُونَ تک ایک مرتبہ پڑھے اور پھر یہ دعا پڑھے ایک مرتبہ اَللّٰھُمَّ یَا مَنْ نُوْرَہ فِی سِرِّہٖ وَسُرِّہٗ فِی خَلْقِہٖ احْفِظْنِیْ مِنْ اَعْیُنِ النَّا ظِرِیْنَ وَ قُلُوْبُ الْحَاسِدِیْنَ وَالْبَاغِیْنَ کَمَا حَفِظَتَ الرُّوْحَ فِی الْجَسَدِاِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیرُ' پھر فَھُم لاَ یُبصِرُونَ سے لے کر وَسَوَآء عَلَیھِم سے آخر وَ جَعَلَنِی مِنَ المُکرَمِینَ تک پڑھے اور یہ کلمے یعنی وَسَوَآءٌ" عَلَیھِم پہلے رکوع کے آخر سے دوسرے رکوع میں پندرھویں آیت مِنَ المُکرَمِینَ تک تلاوت کرے پھر یہ دعا پڑھے اس کے بعد جو حاجت ہو اس کو ایسے طریقہ سے بیان کرے کہ رحمت الٰہی جوش مارے بغیر نہ رہ سکے اَللّٰھُمَّ اکْرِمْنِی بِقَضَآءِ حَوَائِجِ وَ اکْرِمْنِی بِطاعَتِكَ پھر اس کے بعد چودہ چودہ مرتبہ یہ پڑھے وَمَا اَنْزَلْنَا عَلٰی قَومِہٖ مِنْ بَعْدِہٖ سے لے کر ذٰلِكَ تَقْدِیْرِ الْعَزِیْزِ الْحَکِیْمِ تک اس کے بعد تین مرتبہ یہ دعا پڑھے اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ الْوَاسِعُ السَّابِغُ مَا تُغْنَینِی بِہٖ عَنْ جَمِیْعِ خَلْقِكَ پھر ان آیتوں کو والقمر قدرناہ سے سَلاَمُ' قَولاً مِّنْ رَّبِّ رَّحِیمٍ تک پڑھے پھر یہ کلمے بھی سولہ ہی مرتبہ پڑھے اَللّٰھُمَّ سَلِّمْنِی مِنْ آفَاتِ الدُّنْیَا وَ فِتْنَتِھَا پھر وامتاز الیوم سے مشلھم بلی تک پڑھ کر یہ بلی کا حرف اس طرح شامل کر کے یہ دعا 3 مرتبہ پڑھے بلی واللہ قادر کے بعد اپنی جو حاجت ہو یا جو مشکل ہو یا کوئی بھی ضرورت ہو اس کا مکمل تصور و مقصد ہونا بہت ہی ضروری ہے کیونکہ بعض اوقات ذہن میں کئی قسم کے وسوسے بھی آتے ہیں ایسا نہ ہو تو پھر چوتھی مرتبہ اولیس الذی سے پڑھ کر آخر سورۃ تک ختم کر دے۔ قسم ہے اس ذات پروردگار کی کہ اس سورہ کے پڑھنے سے اللہ تعالیٰ نے بڑے بڑے مطلب اہل دنیا اور اہل حق کے حل کئے ہیں اور یہ ترکیب بہت ہی آسان ہے جو پڑھے

کا وہ جانے کا نہ جاننے والا دشوار سمجھے گا ضرور تمند اپنی ضروریات کی مشکل کشائی کے لئے اس کو ضرور عمل میں لائے۔

(88) دفعیہ مشکلات

اللہ تعالیٰ ہر شے پر قادر ہے اگر کوئی کسی ظالم کے ظلم سے تنگ ہو یا کسی بیماری سے اچھا ہونا منظور ہو یا کوئی بھی کام ایسا در پیش ہو کہ وہ حل نہ ہو تا ہو اور پریشانی لاحق ہو تو یہ عمل پڑھے تین دن میں مشکل آسان ہو جاتی ہے اور مشکلات اللہ کی رحمت سے دفع ہو جاتی ہیں اور جس مقصد بر آری کی خواہش ہوتی ہے۔ اللہ کی عنایت اور رحمت سے بر آتی ہے۔ اس کے لیے مہینے کی چاند کی تیرہویں' چودھویں اور پندرھویں کو صبح کی نماز پڑھ لینے کے بعد ہی پہلے بسم اللہ کو الحمد شریف کے لام سے ملا کر اس طرح پڑھے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ الحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ تمام سورہ ۴۱ مرتبہ پڑھے اس کے بعد سورہ یٰسین شریف 21 مرتبہ پڑھ کر تین دن میں دعا کرے ہر مشکل اللہ کی رحمت سے دور ہو جائے گی۔

(89) عمر بھر کے لئے ایک ہی وظیفہ

اگر کوئی بھی اس وظیفے کو سمجھ کر 40 دنوں تک پہرہ دے کر یعنی (چلہ) کی شکل میں کر لے اور روزانہ بھی اسی پر مداومت کرے تو اسے حسب ذیل فوائد حاصل ہوں گے' جس سے فوائد عجیب یعنی جمعیت ظاہری و باطنی و قرب الٰہی اور اسرار خداوندی کا انکشاف اور ہر ایک گناہ معاف ہو گا۔ درجہ اولیاء اللہ ظہور میں آئے گا دونوں جہانوں میں مسرور رہے گا جو چاہے گا وہ درگاہ الٰہی سے فوراً میسر ہو جائے گا۔ اگرچہ پڑھنے میں دیر لگتی ہے اور بہت سمجھ کر پڑھی جاتی ہے لیکن عمر بھر اور کسی عمل کی ضرورت نہیں رہتی' چالیس دن پڑھنے کے لئے ہر طرح سے اپنے آپ کو ظاہری و

باطنی طور پر تیار کرے۔ دن کو چاہے سوتا رہے اور رات کو پڑھنے کے دوران اونگھ بھی نہ آنے پائے اس کے لئے ایک علیحدہ پاک وصاف حجرے کا بندوبست کرے لیکن اس بات کا خاص طور سے خیال رکھے کہ حجرے کے درمیان آس پاس کوئی گزرگاہ نہ ہو اور رات کا کوئی بھی وقت مقرر کر کے جمعرات کے دن سے بعد نماز عشاء سورہ یٰسین شریف کی اس طریقہ سے تلاوت کرے کہ یٰسین سے لے کر پہلی مبین تک پڑھ کر سورہ الحمد شریف سات مرتبہ اور یاباسط 72 مرتبہ اسی طرح ساتوں مبینوں تک الحمد شریف اور 72 مرتبہ یاباسط ہی پڑھے۔ اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر جو کچھ دینی یا دنیاوی حاجت ہو یا نہ ہو اللہ رب الکریم سے دعا کرے۔ چالیس دن اس ترتیب کے ساتھ پڑھنے سے کوئی بھی اس کا باآسانی عامل بن سکتا ہے اور یہ عمل اس کے قابو میں آجاتا ہے اس کے بعد نماز تہجد کے بعد ایک مرتبہ اسی ترتیب سے پڑھ لیا کرے۔ سیف زبانی و رطب اللسانی ظاہر ہو گی جو کچھ بھی زبان سے نکلے گا قبولیت کا درجہ پائے گا لیکن اپنی زبان کو غلط طور کے موافق بجا نہ لائے کیونکہ مارنے والے سے بچانے والا بہت بڑا ہے۔

(90) ہر بڑی مصیبت کا خاتمہ

اگر کوئی شخص کسی پریشانی سخت میں پھنس چکا ہے اور اس پریشانی کا حال دیکھتے ہوئے اپنوں اور غیروں تک نے ساتھ چھوڑ دیا ہو تو گھبرانے کی بجائے اللہ تعالیٰ سے مدد کا طالب ہوتے ہوئے اس طریق سے سورہ یٰسین شریف کو پڑھے۔ انشاء اللہ اس عمل کی برکت سے ہر بڑی مصیبت کا خاتمہ ہو گا مثلاً مقدمہ، فوجداری، آبروریزی و جیل کی سزایابی بھی اگر ناجائز کسی شخص پر آئے گی تو فوراً اس عمل کی برکت سے ختم ہو جائے گی اس عمل کو بروز جمعرات عروج ماہ میں پچھلی رات سے شروع کرے۔ نہا کر یا وضو کر کے مصلے پر ننگے سر ہو کر نیت کرنے سے پہلے اپنے دل میں یہ خیال ضرور

کرے کہ پہلی رکعت باسم ہفت علی نذر کرتا ہوں اور دوسری رکعت سات سلطان کے خدمت میں ہدیہ گزارتا ہوں۔ پھر دو رکعت قضائے حاجت کی نیت کر کے ہاتھ باندھے سبحانك اللهم واعوذ اور بسم اللہ پڑھ کر سورہ الحمد شریف پڑھے۔ بعد میں سورہ یٰسین شریف کے پہلے کلمے یٰسین کو سات مرتبہ پڑھ کر والقرآن الحکیم سے پہلی مبین تک ایک مرتبہ پڑھے پھر ایکسو گیارہ (111) مرتبہ یا مبین پڑھے۔ پھر شروع سے ایک مرتبہ دوسرے مبین تک پڑھے۔ پھر اسی دوسری مرتبہ یا مبین 111 مرتبہ پڑھے۔ تیسری مرتبہ پھر اول سے ایک مرتبہ تیسرے مبین تک اور 111 مرتبہ یا مبین پڑھے۔ اسی طرح سات مبینوں تک پہلی رکعت ادا کرے اور اسی ترکیب و ترتیب سے دوسری رکعت پھر تیسری پھر چوتھی رکعت سات رکعتیں بجا لائے۔ بعد سلام خدا سے عرض کرے' الٰہی اس میری پہلی رکعت کا ثواب ہفت علی کے حضور میں پیش ہو اور دوسری رکعت کا ہدیہ ہفت سلطان کی نذر میں گزرے اور بحرمت ان سات علی یعنی علی المرتضیٰ، علی تقی، علی نقی، علی عسکری، علی ابو بکر، علی فارمدی، علی قریشی اور بحرمت ان سات سلاطین یعنی سلطان بایزید بسطامی، سلطان ابو سعید الخیر، سلطان احمد خراسانی، سلطان ابراہیم ادھم، سلطان محمود غزنوی، سلطان مسعود غزنوی، سلطان سنجر مانی' پریشانی میری جلد دور فرمایئے بحق لاَ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰهِ۔

(91) یقیناً چور پر لوٹا گھوم جائے

اگر کسی فرد کی بہت زیادہ چیزیں چور چرا کر لے جائے یا اس سازش میں کوئی اپنا ہی فرد ہو لیکن وہ بیان نہ کر سکے۔ اس کے پکڑنے اور سامان کی برآمدگی کے لئے ایک لوٹا مٹی کا کورے کنارے والا لائے اور دو آدمی آمنے سامنے بیٹھیں اور جن اشخاص پر چوری کا شک و شبہ ہو خواہ مرد ہوں یا عورت' لڑکا ہو یا لڑکی' ان سب کے نام علیحدہ

علیحدہ کاغذ کی پرچیوں پر لکھ کر گولی سی بنالے یا پرچی لکھی ہوئی موڑ کر رکھ لے تاکہ یہ معلوم نہ ہو کہ کس کا نام ہے۔ ایک پرچی لوٹے کی ٹوٹی میں رکھے (جہاں سے پانی بہنے والی جگہ ہو) یا گولی لوٹے کے اندر ڈال دے اور وہ آمنے سامنے بیٹھنے والے اس لوٹے کے کناروں کو اپنی اپنی انگلی دائیں ہاتھ کی کلمہ والی سیدھی لمبی یعنی پھیلا کر رکھے تاکہ لوٹے کے کنارے سیدھی انگلی پر اچھی طرح پھر جائیں۔ ان دونوں میں سے ایک آدمی سورہ یٰسین شریف بہت آہستگی اور خشوع و خضوع سے پڑھے صرف من المکرمین تک پہلی ہی پرچی پر لوٹا گھوم جائے' تو لوٹے کے اندر سے پرچی نکال کر دیکھے وہی چور ہوگا' اگر لوٹا نہ پھرے تو اس پرچی کو نکال کر دوسرے نام والی پرچی رکھے۔ غرض کہ باری باری تمام ان اشخاص کے ناموں کی پرچیاں لوٹے میں ڈالے جن پر شک ہے۔اسی طرح جس کے نام پر پھر جائے تو اس کو کھول کر صرف جس کی چیز چوری ہوئی ہے وہی دیکھے دوسروں کو نہ دکھائے کیونکہ اللہ کا حکم ہر کسی کی پردہ پوشی کا ہے۔ جس نام پر بھی اگر لوٹا گھوم جائے تو اسی کو صرف چور جانے اور اس سے آگے اس عمل کو بار بار نہ کرے۔

(92) برائے حب

جس کسی سے محبت پیدا کرنی ہو اور اس کے عشق' پیار و محبت میں جان جاتی ہو تو یہ عمل مہینے کے شروع میں کرے۔ محبوب کا دل بے قرار ہوگا اور عاشق کے عشق میں گرفتار ہو گا لیکن یہ خیال ملحوظ خاطر رہے کہ کسی ایسی حورت کے لئے ہر گز یہ عمل نہ کرے جو شادی شدہ ہو یا وہ لڑکی جس کے ماں باپ اور وہ خود بہت شریف ہوں یا جو کام شرعاً ہی ناجائز ہو بلکہ اس عمل کو اس وقت کرے جب دو طالب میں سے ایک دھوکہ دے۔اس سے دوبارہ پیار و محبت جاری کرنے کے لئے بکری کے شانے کی ہڈی

ثابت لے کر اس کی چکنائی کو صاف کرے اور کالی سیاہی سے سورہ یٰسین شریف جمعہ کی نماز پڑھتے ہی ننگے سر ہو کر کسی تنہائی کی جگہ میں لکھے۔ نام اپنا اور اپنے معشوق خواہ عورت ہو یا مرد لکھے۔ پھر اس ہڈی کو ایک کوری ھانڈی میں ڈال کر کسی تندور میں ڈال دے۔ اس عمل سے معشوق کے دل میں جلن اور آگ سی لگی رہے گی جب تک وہ اپنے محبوب کو مل یا دیکھ نہ لے۔

(93) لڑکا ہی پیدا ہو

جس خاتون کے صرف لڑکیاں ہی پیدا ہوتی ہوں اور اس کی خواہش ہو کہ اللہ اسے لڑکا عطاء کرے تو وہ ایک ایسا انار جو کہ شرطیہ میٹھا ہو لے کر ایک تیز دھار چاقو کی مدد سے اس کے چار ٹکڑے کرے لیکن ٹکڑے علیحدہ نہ ہوں پھر اس پر سورہ یٰسین شریف اس ترتیب سے پڑھیں کہ جب پہلی مبین آئے تو ان ٹکڑوں کے درمیان میں زوردار پھونک مار کر دم کر دیں۔ پھر شروع سے سورہ شریف پڑھتے ہوئے جب دوسری مبین آئے پھر اسی ترکیب سے زوردار پھونک مار کر دم کر دے۔ اسی طرح سات مبینوں تک پڑھ کر دم کر دے۔ پھر آخر میں شروع سے آخر تک پڑھ کر دم کر دے اور رکھ دے۔ پھر کشمش اچھی عمدہ اور صاف کی ہوئی اور بھنے ہوئے چنے دونوں پاؤ پاؤ، یا سوا سوا کلو لا کر 21 مرتبہ سورہ فاتحہ پڑھے اور ساتوں سلطان جن کا ذکر پچھلے صفحات میں کیا ہے پڑھ کر ان کی روح کو ثواب نذر کرے اور چھوٹے بچوں میں بانٹ دے۔ عورت جب کہ حیض کا خون آجانے کے بعد نہالے اس وقت انار کھائے اور رات کو اپنے خاوند کے ساتھ ہم بستر ہو' شرطیہ اولاد ہو گی اور اگر خون حیض نہیں آتا یا کم آتا ہے یا مہینہ میں ایک دو مرتبہ آتا ہے تو یہ بیماری ہے یہ عمل روحانی طور پر بندش کو دور کرنے کے لئے ہے اس لئے کامل طور پر اگر عورت بچہ پیدا کرنے کے قابل ہو

اور بچہ پیدا نہ ہو تا ہو تو اس عمل کو کرے اور اگر وہ بیمار ہے تو پہلے علاج معالجے سے ہو کر پھر اس عمل کو کرے۔

(94) دشمن جائز ہلاک ہو

اگر جائز طور پر دشمن کے ساتھ ایسا سلوک کرنا ہو جو شریعت کے خلاف نہ ہو اور دشمن بلاوجہ اپنے اوچھے ہتھکنڈوں کے ذریعے کسی کو ناجائز تنگ کرتا ہو اور اس کا دین اسلام سے اتنا پیار بھی نہ ہو تو ایک اینٹ کچی اور ایک تیز دھار نوکیلا چاقو لا کر کسی دریا، ندی، نہر یا حوض کے کنارے پر بیٹھ کر اپنے سامنے اس کچی اینٹ کو رکھے اور اس اینٹ کو اپنا دشمن جانے اور سورہ یٰسین کو پڑھنا شروع کر دے۔ جب ایک مرتبہ پوری سورہ شریف پڑھ لے تو اس چاقو سے زور سے اس اینٹ پر لکیر کھینچ دے اسی طرح اکتالیس مرتبہ پڑھ کر ہر ایک مرتبہ ختم کرنے کے بعد زور زور سے لکیر کھینچ دے جب لکیروں والا عمل ختم کر لے تو اسی جگہ پر اس اینٹ کو مثل جنازہ خیال کر کے نماز جنازہ پڑھے اور پڑھنے کے بعد وہ اینٹ پانی میں ڈال دے اور ڈالتے وقت کہے کہ میں نے اپنے دشمن کو یَا قَهَّارُ بِا لْقَهْرِ فِیْ قَهْرِ قَهْرِكَ یَا قَهَّارُ (ہلاک کیا) میں نے بہت ہی مجبور اور معذور ہو کر یہ کام کیا ہے اس کے کرنے میں میرا کتنا بھلا اور نقصان ہے وہ سب میں اللہ کے حکم پر چھوڑتا ہوں اس کے بعد وہاں سے جہاں بیٹھ کر یہ عمل کیا تھا تھوڑی سی مٹی اٹھا لے اور اس مٹی پر دشمن کے نام کے اعداد کے موافق یہ پڑھے اور اس مٹی کو دشمن کے گھر یا گزرگاہ میں پھینک دے۔

(95) دوستی جنات

جنات میں کسی جن سے دوستی کرنی منظور ہو تو سب سے پہلے اپنے آپ کو

مطابق شریعت بنائے کیونکہ اگر ایسا نہ کیا تو بجائے فائدہ کے نقصان ہوگا۔ جب جن کسی انسان کے تابعدار ہوتے ہیں یا یہ فیصلہ کر لیتے ہیں کہ ہم اس آدمی سے پیار کریں تو ان کی اپنی آزادی میں فرق آ جاتا ہے اور وہ ایسا اپنی شان کے خلاف سمجھتے ہیں کہ ہم کسی کے مسخر ہو کر رہیں اس لئے لکھے گئے طریقہ یا دوسری معتبر کتابوں میں لکھے گئے طریقہ کار پر اگر کوئی شخص عمل کر کے اس مقصد کی تکمیل چاہتا ہے تو انہیں معلوم ہو جاتا ہے کہ فلاں شخص اپنے اس عمل سے ہم کو اپنے قبضہ میں کرنا چاہتا ہے۔ اگر اس عمل کے خلاف کیا جائے یا کوئی بھی ایسا کام جو اس عمل کے ناموافق ہو تو پھر انہیں جب موقع ملتا ہے تو وہ اس عامل سے علیحدگی کے ساتھ ساتھ اسے نقصان پہنچانے سے بھی گریز نہیں کرتے اس لئے عامل سب سے پہلے مطیع اللہ ورسولؐ بنے پھر ان عملیات پر عمل کرے۔ بہت جلد کامیاب ہوگا۔ اس لئے اس جدید دور میں بھی مسلمانوں کو ایک ایسے کفیل کی ضرورت ہے جو انہیں ہر کام کی امداد کے لئے روحانی طور طریقے سے ہدایت صحیح کرے۔ اس لئے جن افراد کو اس دور میں بھی ایسے عملیات کا شوق اور صحیح ہدایت کرنے کے لئے بالکل ٹھیک اور زبردست عملیات کتاب ہذا میں درج کئے ہیں۔ کوئی بھی محنت کرے اور پھل کھالے اور خصوصاً جنات کی تابعداری والے عملیات میں ظاہری و باطنی طور پر اسلامی کام زیادہ سے زیادہ کرے۔ زیادہ نفل، درود شریف و قرآن مجید کی تلاوت کرے نہایت ہی خوش آوری اور اچھے لہجے سے قرأت کرے۔ اس سے مخلوق جنات بہت خوش ہوتی ہے اور زیادہ سے زیادہ سورۃ الرحمٰن، سورہ جن اچھی آواز سے تلاوت کرے تو یہ مخلوق آتی ہے اور نہایت ادب واحترام سے سنتی ہے اور اگر قرات خوش آواز ہو کر نہ پڑھی جائے تو یہ رنجیدہ وناراض ہو کر واپس چلے جاتے ہیں۔ اس لئے ایسا نہ کیا جائے اور چاند کے شروع مہینے میں بدھ (چہار شنبہ

کے دن سے اور اگر رات کو پڑھے تو اس کا خیال رکھے کہ منگل (سہ شنبہ) کا دن گزر جانے پر جو رات آتی ہے وہ بدھ کہلاتی ہے اور جمعرات (پنج شنبہ اور جمعہ اور ہفتہ (شنبہ) کے دن تک چار روزے رکھے۔ نہا دھو کر پاک و صاف ہو کر سفید رنگ کے اچھے کپڑے پہنے۔ عطر کی خوشبو لگائے یا اگر بتی یا لوبان سلگائے بالکل تنہائی کی جگہ ہو اور جگہ کو خوب خوشبودار ہونا چاہیے۔ پھر کالی سیاہی اور دیسی قلم اور آدھا تختہ کاغذ سفید اور ایک ٹکڑا موم خالص دیسی اور ہزار دانوں کی تسبیح اور ایک ڈورا اپنے پاس منگوا کر رکھ لے اور پڑھنے کا ایسا وقت مقرر کرے جس میں فرق نہ آئے اور اس مخلوق کو انتظار نہ کرنا پڑے۔ وقت وہ ہو کہ جس میں خوب دل لگے اور خشوع و خضوع کے ساتھ پڑھا جائے۔ بہتر تو یہ ہے کہ پچھلی رات کو سو کر اٹھے اور نہائے تاکہ تازہ دم ہو۔ اس وقت نیند بھی بھر جاتی ہے اور اونگھ بھی نہیں آتی اور یہ عمل نہایت شوق سے پڑھا جاتا ہے اور خوب دل لگتا ہے۔ اس وقت دنیا کے کسی کام کاج کا بھی فکر نہیں ہوتا اور اگر اس عمل کو دن میں پڑھنا ہو تو بعد نماز فجر پڑھے۔ رات کو پڑھنا ہو تو مٹی کے تیل کی روشنی نہ ہو' موم بتی یا گھی کا چراغ جلائے بعد اعوذ و بسم اللہ پڑھ کر سورہ قل ھو اللہ احد ایک ہزار مرتبہ' پھر یہ سب سورتیں ایک ایک مرتبہ' پہلے سورہ یٰسین' پھر سورہ دخان' پھر سورہ سجدہ' پھر سورہ ملک پڑھے پھر سجدہ میں جا کر دعا مانگے کہ ایسی میری دلی خواہش ہے اور یہ حاجت ہے۔ جو بھی ہو غرض ختم کر کے اپنے دوسرے کام کاج میں مصروف ہو جائے اگر کوئی کام وغیرہ نہیں ہے تو استغفار و درود کثرت سے پڑھے۔ اس عمل کو ان چار دنوں تک کرے جن کا گزشتہ سطور میں ذکر کیا ہے پھر چوتھے دن کہ وہ ہفتہ کا ہوگا اس دن عصر کی نماز سے پہلے اس کاغذ کے سات ٹکڑے برابر کر کے ایک پر یہ آیت لکھے وَهُوَ الَّذِی ۸ یُحْیِی وَ یُمِیْتُ وَلَهُ

اخۡتِلَافُ الَّیۡلِ وَالنَّهَارِ دوسرے کاغذ پر یہ آیت لکھے وَاِذَا قَضٰی اَمۡرًا فَاِنَّمَا یَقُوۡلُ لَهٗ کُنۡ فَیَکُوۡنُ پھر تیسرے کاغذ پر فَسَیَکۡفِیۡکَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِیۡعُ الۡعَلِیۡمُ اور چوتھے کاغذ پر ثُمَّ اِذَا دَعَاکُمۡ دَعۡوَةً مِّنَ الۡاَرۡضِ اِذَا اَنۡتُمۡ تَخۡرُجُوۡنَ پانچویں کاغذ پر فَاِذَاهُمۡ مِّنَ الۡاَجۡدَاثِ اِلٰی رَبِّهِمۡ یَنۡسِلُوۡنَ اور ساتویں کاغذ پر یَوۡمَ یَخۡرُجُوۡنَ مِنَ الۡاَجۡدَاثِ سِرَاعًا فَسَیَکۡفِیۡکَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِیۡعُ الۡعَلِیۡمُ لکھ کر ان ساتوں کاغذ کو اس ڈورے سے باندھ دے اور اپنی ٹوپی یا پگڑی میں رکھ لے۔ اس کے بعد چار رکعت نماز نفل اس طریق سے پڑھے۔ پہلی رکعت میں الحمد شریف کے بعد پوری سورۃ یٰسین شریف پڑھے۔ دوسری رکعت میں الحمد شریف کے بعد سورہ دخان اور تیسری رکعت میں سورہ سجدہ اور چوتھی میں سورہ ملک پڑھے۔ ہر سجدہ میں جبکہ سبحان ربی الاعلی پڑھ کر پھر یہ دعا سجدے میں ہی پڑھے۔

سُبۡحَانَ مَنۡ لَبِسَ الۡعِزَّ وَقَالَ بِهٖ سُبۡحَانَ مَنۡ تَعَطَّفَ بِالۡحَمۡدِ وَ تَكَرَّمَ بِهٖ سُبۡحَانَ مَنۡ اَحۡصٰی كُلَّ شَیۡءٍ بِعِلۡمِهٖ سُبۡحَانَ مَنۡ لَا یَنۡبَغِی التَّسۡبِیۡحُ اِلَّا لَهٗ سُبۡحَانَ مَنۡ اِذَآ اَرَادَ شَیۡئًا اَنۡ یَّقُوۡلَ لَهٗ كُنۡ فَیَكُوۡنُ ط سُبۡحَانَ مَنۡ اِذَا اَرَادَ شَیۡئًا كَانَ وَمَا لَمۡ یَشَآءُ لَمۡ یَكُنۡ ط سُبۡحَانَ ذِی الۡمَنِّ وَالۡفَضۡلِ وَالنِّعَمِ سُبۡحَانَ ذِی الۡعِلۡمِ وَالۡحِلۡمِ سُبۡحَانَ ذِی الطَّوۡلِ وَالۡفَضۡلِ سُبۡحَانَ ذِی الۡعَرۡشِ وَاللَّوۡحِ وَالۡقَلَمِ وَالنُّوۡرِ

اوپر والی دعا کو سجدے میں سر رکھ کر پڑھے پھر سجدے سے سر اٹھا کر اس دعا کو پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُكَ بِمَقَاعِدِ الۡعِزِّ مِنۡ عَرۡشِكَ وَمُنۡتَهَی الرَّحۡمَاتِی مِنۡ كِتَابِكَ وَاَسۡئَلُكَ بِاِسۡمِكَ الۡعَظِیۡمِ الۡاَعۡظَمِ وَبِوَجۡهِكَ الۡكَرِیۡمِ الۡاَكۡرَمِ وَ بِكَلِمَاتِ التَّامَّةِ اَنۡ تُسَخِّرَلِی عَوۡنًا مِنۡ صُلَحَآءِ الۡجِنِّ یُعِیۡنُنِی عَلٰی مَا اُرِیۡدُ مِنۡ حَوَائِجِ الدُّنۡیَا

اس بات کا خاص خیال رکھے کہ یہ نماز نفل ایسے وقت سے پڑھے کہ وہ وقت آ جائے کہ
صبح سورج نکلنے کو نو گھنٹے گزر جائیں اور دسویں ساعت ستارہ کی آ جائے تو اس وقت
عامل کے پاس سات جن مومن مسلمان آئیں گے اور نہایت عاجزانہ آواز سے السلام
علیکم کا ہدیہ پیش کریں گے۔ اس وقت کسی قسم کا خوف یا ڈر اپنے اوپر مسلط نہ کرے
چاہے جو بھی ہو جائے۔ پھر آگے سے جواب وعلیکم السلام دے اور وہ ساتوں کاغذ اپنی
پگڑی یا ٹوپی سے کھول کر ان میں سے ایک جو بھی کاغذ والی آیت پڑھو اور ان سے پوچھو
کہ یہ کاغذ کس کا ہے ان میں سے ایک کہے گا کہ یہ میرا ہے۔ پھر اس سے اس کا نام
پوچھے۔ جب وہ اپنا نام بتائے تو اسی کاغذ پر الٹی طرف اس کا نام لکھ لے اور اس سے کہے
کہ اپنی مہر لاؤ۔ جب وہ اپنی مہر دے تو اس کو موم لگا کر آیت کے نیچے لگا دے تاکہ
اچھی طرح موم چپک کر مہر کے حروف میں آ جائیں اسی طرح اور جنوں سے بھی ہر
ایک کو پرچہ کاغذ دکھائے یا پڑھ کر سنائے اور پوچھے کس کا ہے جو اقرار کرے اس کی مہر
لے کر لگائے اور ان سے اس بات کا اقرار کرائے کہ مجھے جب بھی ضرورت ہو گی میں
تم کو بلاؤں گا اور میری مدد کرنا تم پر لازم ہے اگر وہ وعدہ کر لیں تو ان کو رخصت کر دے
اور ان ساتوں کاغذوں کو کسی پاکیزہ جگہ میں بحفاظت رکھ دے۔ اپنی ضرورت کے
دفعیہ کے بعد کسی نماز فرض کے یہ دعا اللھم انی اسئلك اوپر والی پڑھو گے وہ حاضر
ہوں گے اور جو کام جائز اپنے لئے یا کسی کے لئے کہو گے وہ کر دیں گے اور جہاں جانا
چاہو گے۔ وہی لے بھی جائیں گے برے کام جیسے زناکاری وغیرہ کے لئے مدد چاہو
گے۔ تو وہ تمہارے دشمن بن جائیں گے اور موقع پا کر نقصان بھی کر سکتے ہیں۔ اگر
جنات کے آنے میں ڈر گئے تو محنت بھی ضائع ہوئی اور دوسری پریشانی علیحدہ ہو گی۔
اس لئے ڈر جیسے لفظ کو اس عمل کے کرنے کے لئے بہت دور پھینک دے اور اگر عمل

کامیاب ہو جائے تو چاروں سورتیں جو کہ رکعتوں میں پڑھنے کے لئے بتلائی ہیں جمعرات کے روز ایک مرتبہ پڑھ لی جایا کریں۔ انشاءاللہ عمر بھر مخلوق جنات تابع و فرمانبردار رہے گی۔

(96) رابطہ موکل

اس پاک مقصد و عمل کے لئے کوئی ایسی جگہ منتخب کرے جہاں کسی کی آواز کانوں میں نہ پڑے اور جہاں عمل پڑھے اس جگہ کو نہایت ہی پاک و صاف کرے اور صندل کی اگر بتیاں جلائے اور پانچ وقت کی نماز قطعاترک نہ کرے بلکہ اشراق، چاشت، اور تہجد بھی پڑھے۔ چالیس روزے رکھے بلکہ اس عمل کو اگر رمضان کے مہینے سے شروع کرے اور عید کے مہینے میں پورا کرے تو بہت اچھا ہے اور عید والے دن روزہ نہ رکھے۔ اگر اس طرح کرے تو اپنے مطلب میں ضرور کامیاب ہوگا۔ اگر دنیا کے کام بھی ضروری ہوں تو اس عمل کے پڑھنے کیلئے علیحدہ کپڑے سلوائے جو کہ صرف اس مقصد کے پڑھنے تک محدود ہوں اور اس لباس کا عام استعمال نہ کرے۔ اگر خلوت خانہ بڑا ہو تو پانی کا بندوبست کر کے رکھے تو اس کے ایک طرف وہاں ہی روزانہ نہا کر عمل پڑھنے بیٹھ جائے اور اگر اس قدر جگہ نہ ہو تو اور کسی جگہ غسل کر کے عمل پڑھنے والے کپڑے پہن کر اپنے خلوت خانہ میں چلا جائے اور 432 دانوں کی تسبیح بنا کر پڑھنے کی جگہ رکھے۔ جو کی روٹی اپنے ہاتھ سے پکائے یا کسی نیک مرد سے پکوائے اور سوائے اس کے اور کچھ نہ کھائے۔ شروع مہینے میں جو دن اتوار کا آئے خواہ ماہ رمضان ہو یا اور کوئی مہینہ ہو پچھلی رات کو تہجد کی نماز پڑھ کر پہلے تین مرتبہ یہ دعا پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَللّٰھُمَّ لَیْسَ فِی السَّمٰوٰاتِ دَوَّاتٌ وَلَا فِی الْاَرْضِ غَمَرَاتٌ وَلَافِی الْجَلَالِ مَدَرَاتٌ وَلَافِی الْبِحَارِ قَطَرَاتٌ وَلَافِی الْعُیُوْنِ

لحظاتٌ وَلَالِی النُّفُوسِ خطرَاتٌ اِلَاْوَ هِیَ بِكَ وَالَاتٌ وَوَلَكَ شَاهِدَاتٌ
وَلِی مُلْكِكَ مُتَحَیِّرَاتٌ اَسْئَلُكَ بِتَسْخِیْرِكَ لِكُلِّ شَیءٍ اَنْ تُوَفِّقَنِی لِمَا یُرْضِیْكَ
وَاَنْتَ الْمُسْتَعَانُ وَعَلَیْكَ التُّكْلَانُ وَلَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ
صَلَّی اللّٰهُ عَلیٰ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ پھر 432 مرتبہ سَلَامٌ" قَوْلاً
مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ اور صرف اس دعا کو ایک ایک مرتبہ صبح و چاشت اور مغرب کی نماز
کے بعد ضرور پڑھے۔ یہ تمام ورد پڑھتے پڑھتے اچھے اچھے خواب اور نورانی صورتیں
نظر آئیں گی اور بیس دن گزر جانے کے بعد ایک موکل آئے گا اور عامل یا پڑھنے والے
سے ہمدردی ظاہر کرے گا اور دنیاوی فائدے کے ساتھ ساتھ روپے کا لالچ بھی دے
گا لیکن اس کے کسی بھی لالچ دینے والے فوائد پر کسی بھی دن ہرگز توجہ نہ دے اور
اپنے ورد کو پڑھنے میں مصروف رہے۔ چالیس دن گزرنے پر وہ خلوت خانہ جہاں یہ
عمل کیا جارہا ہوگا سفید نورانی روشنی سے منور ہو جائے گا۔ تمام خلوت خانہ اور دیواروں
پر یہی آیت سَلَامٌ" قَوْلاً مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ لکھی ہوئی نظر آئے گی لیکن کسی قسم کا بھی
خوف یا ڈر محسوس نہ کرے بلکہ تمام نظارے سے خوش ہو اور ذوق و شوق سے اپنا وظیفہ
پورا کرے۔ وظیفہ کی تعداد و دن پورے ہوتے ہی ایک نورانی شکل انسانی گھوڑے پر
سوار نظر آئے گی اور اس کے آگے پیچھے بہت سی مخلوق دکھائی دے گی۔ وہ بادشاہ
مومن مسلمان جنات کا ہے۔ وہ آتے ہی اول السلام علیکم نہایت خوش ہو کر کہے گا
عامل یا وظیفہ کرنے والے کو چاہیئے کہ اس مومن مسلمان کی تعظیم کے لئے کھڑا ہو اور
بصد شادمانی جواب و علیکم السلام دے اور جس وقت پوچھے کہ کیوں یاد کیا ہے' تو اس
وقت بادشاہی ادب و وقار کا خیال رکھ کر عاجزی سے اپنی ضرورت ظاہر کرے کہ یہ
خاکسار ایک بہت عاجز بندہ خدا اور امت حضور شہنشاہ کونین مقبول دارین حضور پرنور

رحمت رب غفور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم ہے اور مجھے بہت ضروریات دینی ودنیاوی پیش آتی ہیں۔ آپ کے ذریعہ سے حاجت برآری کا امیدوار ہوں اور مجھے کوئی ایسی نشانی عطا کریں کہ بوقت ضرورت آپ سے عرض کر کے مقاصد دلی پورے ہو جایا کریں چونکہ وہ اس کلام ربانی کے عاشق اور مطیع و فرمانبردار ہیں' کہے گا اے شخص کبھی جھوٹ نہ بولنا، اور کسی سے یہ راز ظاہر نہ کرنا، گناہوں کے کاموں اور بداعمالیوں سے بچے رہنا۔ پھر ساتھ ہی ایک نشانی اپنی طرف سے مرحمت فرمادیں گے اور وہ طریقہ بھی بتلادیں گے کہ اس طرح کرنے سے ہم تمہاری ہر حاجت پوری کر دیا کریں گے۔ اس گفتگو کے بعد وہ رخصت ہو جائیں گے اور عامل اللہ کا لاکھ لاکھ شکر بجالاتے ہوئے اگلے دن حلوہ غریبوں و بچوں میں تقسیم کردے اور اس راز سے کبھی بھی پردہ نہ اٹھائے۔

(97) تیر بہدف جیسا کام ہو

اس عمل میں ہر کام ایسے ہوتا ہے جیسے نشانے پر تیر مارنا۔ اس مناسبت سے کوئی فرد بھی اپنے جائز کام کی تکمیل کے لئے اس عمل کو کرے اور خود نظارہ کرلے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ایک مرتبہ یٰسین سات مرتبہ پھر وَالْقُرْآنِ الْحَكِيْمِ سے لے کر فَهُمْ لَايُبْصِرُوْن تک پھر ایک مرتبہ اَللّٰهُمَّ يَا مَنْ نُوْرُهٗ فِي سِرِّهٖ وَسِرُّهٗ فِي خَلْقِهٖ اَخْفِنِي عَنْ اَعْيُنِ النَّاظِرِيْنَ ط وَقُلُوْبِ الْحَاسِدِيْنَ وَالْبَاغِيْنَ كَمَا حَفِظْتَ الرُّوْحَ فِي الْجَسَدِاِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ پھر وَسَوَآءٌ عَلَيْهِمْ سے مِنَ الْمُكْرَمِيْنَ تک پھر تین مرتبہ اَللّٰهُمَّ اَكْرِمْنِيْ بِقَضَآءِ حَوَائِجِي وَاَكْرِمْنِي بِطَاعَتِكَ 6 مرتبہ پڑھ کر اپنی حاجت کا نام لے وَمَا اَنْزَلْنَا سے الْعَزِيْزُالْعَلِيْمِ ایک مرتبہ يَا رَبِّ سَهِّلْ وَلَاتُعَسِّرْ عَلَيْنَا يَا رَبِّ 14 مرتبہ وَالْقَمَرَ قَدَّرْنَاهُ سے يَخْلُقُ

مِثْلَهُمْ ایک مرتبہ سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيمٍ 19 مرتبہ وَامْتَازُوا الْيَوْمَ سے يَخْلُقَ مِثْلَهُمْ ایک مرتبہ بَلٰى قَادِرٌ عَلٰى اَنْ تَفْعَلَ رَبِّي (كذا و كذا) کی جگہ اپنی حاجت کا نام لے اور 13 مرتبہ پڑھے اَوَلَيْسَ الَّذِیْ سے وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ایک دفعہ يَاسَمِيْعُ يَاعَلِيْمُ يَاحَلِيْمُ يَاعَلِيُّ يَاعَظِيْمُ اِسْمَعْ دُعَائِي بِخَصَائِصِ لُطْفِكَ آمین آمین آمین۔

(98) قضائے حاجت

فوری طور پر یاد رہے، غرض کہ کیسی ہی جائز حاجت کیوں نہ ہو سورہ یٰسین شریف کاغذ پر لکھ کر اس پر سورہ یٰسین شریف سات مرتبہ پڑھ کر دم کر دے پھر اس کاغذ کو لپیٹ کر تعویذ کی شکل میں ایک چھوٹی سی لکڑی صندل کی رکھ کر بند کر کے موم جامہ کر کے اپنے گلے میں پہنے انشاءاللہ اسی دن جائز حاجت پوری ہو گی۔

(99) برائے حاجت

اول و آخر درود شریف ابراہیمی گیارہ گیارہ مرتبہ اور درمیان میں 21 مرتبہ سورۃ یٰسین شریف پڑھا کرے اور قدرے شکر پر دم کر کے چیونٹیوں کے سوراخ میں ڈال دیا کرے۔ چند دنوں میں ہی اپنے مقصد میں کامیاب ہو گا۔

(100) برائے تونگری

بروز جمعہ بعد از نماز عشاء اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف اور درمیان میں سورہ یٰسین شریف 11 مرتبہ پڑھ کر کسی سے بات چیت کئے بغیر سو جائے۔ چند دنوں میں غیب سے رزق کا وسیلہ پیدا ہو گا۔

(101) برائے حافظہ

اگر بار بار یاد کرنے پر بھی کوئی مریض نسیان میں مبتلا ہو تو چینی کی رکابی میں مشک وزعفران۔سے سورہ یٰسین شریف کو لکھ کر اور دس مرتبہ پڑھ کر دم کر کے بارش کے پانی سے دھو کر پی لیا کرے جو کچھ سنے یا پڑھے گا وہ نہیں بھولے گا۔

(102) حاجات مشکلہ

یہ طریقہ بزرگان دین سے منقول ہے کہ بعد نماز صبح اول تین مرتبہ درود شریف پھر یٰسین تین مرتبہ پڑھے اور پھر مسلسل پڑھتا رہے جب پہلی مبین پر پہنچے تو سورہ فاتحہ پڑھے اور شہادت کی انگلی کھڑی کرے اور جب واضرب لھم سے پڑھتا ہوا آیت ذالك تقدير العزيز العليم پر پہنچے تو اس کی سات مرتبہ تکرار کرے پھر جب آیت سَلَامٌ" قَوْلًا مِنّ رَّب رَّحِيمِ پر پہنچے تو اس کی بھی سات مرتبہ تکرار کرے پھر یاسَلَام" يَا رَّبِ رَّحِيمِ کو سات مرتبہ پڑھے۔جب لفظ مِثلَهُم پر پہنچے تو اس کی تین مرتبہ تکرار کرے اور ختم کر دے اور سورۃ فاتحہ پڑھنا شروع کر دے جب اياك نَستَعِين پر پہنچے تو پہلے کی طرح شہادت کی انگلی کھڑی کر کے پوری اذان کہے اور پھر نَستَعِين سے آگے شروع کر کے ختم کر دے۔ پھر بعد درود شریف اور لا حول ولا قوة الا بالله العلى العظيم يا ذوالجلال والاكرام يا ارحم الراحمين. لا اله الا انت سبحانك انى كنت من الظلمين. سو سو مرتبہ ہر ایک کو علیحدہ علیحدہ پڑھے اس کے بعد تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر ثواب اس کا حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی کی روح پاک کو پہنچائے اور آئندہ کے لئے بھی اسی عمل پر زیادہ سے زیادہ مداومت کرے اور اللہ تعالیٰ سے نہایت عاجزی کے ساتھ اپنے بلند درجہ اور مشکل

کے خاتمہ کے لئے دعا کرے۔ انشاءاللہ چند روز میں مراتب عالیہ پر پہنچے گا اور جو حاجت ہوگی ضرور بہ ضرور پوری ہوگی۔

(103) جمعیت ظاہری وباطنی

اگر اس مقصد کے حصول کے لئے عمل کرنا ہو تو تمام برے کام چھوڑ کر توبہ واستغفار کرے اور اس دوران ہی سورہ یٰسین شریف اس طریق سے پڑھے۔ 21 مرتبہ اول و آخر درود شریف ابراہیمی اور سورۃ شریف شروع کرے۔ جب جب لفظ مبین پر پہنچے تو اس کی 100 مرتبہ تکرار کرے اور تکرار کرنے کے بعد سورہ فاتحہ شریف گیارہ مرتبہ پڑھے۔ اس کے بعد آیت الکرسی ایک مرتبہ پڑھ کر درود شریف ابراہیمی 21 مرتبہ پڑھے اور اس سے آگے بھی مبین پر 100 مرتبہ تکرار کے بعد فاتحہ و آیت الکرسی اسی ترتیب سے پڑھ کر سات مہینوں تک اسی ترتیب سے پڑھے اور اس دعا کو 5 مرتبہ بعد میں پڑھ لیا کرے۔

بسم الله الرحمن الرحيم o اللهم انى اسئلك رزقا حلالا طيبا واسعا بحرمة الحسن والحسين سبحان المفرج عن كل محزون سبحان الفرج عن كل مغموم سبحان المنفس من كل مشحون سبحان الميسر من كل مديون سبحان الخلص لكل مسجون سبحان العالم لكل مكنون سبحان الكاشف عن كل مغموم سبحان من يجرى الماء فى البحار والعيون سبحان من جعل خزائنه بين الكاف والنون انما امراه اذا اراد شيا ان يكون له كن فيكون ط سبحان الذى بيده ملكوت كل شى واليه ترجعون ط سبحانه و تعالى عما يشركون و سلام على المرسلين والحمد لله رب العلمين ط

اس دعا کو تین مرتبہ پڑھے۔ ہدایت کے طور پر اور اس عمل میں کامیاب ہونے کی خاطر اس عمل کو شب چہار شنبہ سے شروع کرے اور بعد ایک چلہ کے 21 دن یا 40 دن' کی میعاد تک کرے اور پرہیز گوشت ہر قسم کرے اور صبح کی نماز کے بعد ایک مرتبہ پڑھ لیا کرے۔ انشاءاللہ جلد از جلد کامیاب ہوگا اور بلند درجہ ہوگا۔

(104) جابر حاکم رحمدل ہو

اگر کوئی حاکم، افسر بہت ظالم ہو اور اپنے کارندوں کے پر رحم نہ کرتا ہو تو اس مقصد کی تکمیل کی خاطر اس عمل کو کرے۔ حاکم جابر مہربان ہوگا اور ہر جائز ضرورت پوری کر دے گا۔ ایک مرتبہ سورہ یٰسین اس افسر یا حاکم کا مکمل تصور کر کے پڑھے اور یہ دعا ایک مرتبہ پڑھ کر اس کے سامنے جائے بسم اللہ الرحمن الرحیم بسم اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیم بسم اللہ الذی لا الہ الا ھو ذوالجلال والاکرام بسم اللہ الذی لایضرمع اسمہ شیء فی الالض ولافی السماء وھو السمیع العلیم اللھم انی اعوذ بک من شرفلان ابن فلان یہاں اس افسر کا نام اور اس کی ماں کا نام اور مکمل تصور کر کے پڑھنے کے بعد پھونک مار کر دم کر دے انشاءاللہ ضرور مہربان ہوگا۔

(105) فراخئ رزق

دشمن اسلام نے اگر سفلی عمل کے ذریعے کسی کا رزق تنگ کر دیا ہو اور وہ بیچارہ مشکلات کا شکار ہو گیا ہو تو اللہ تعالیٰ سے گناہوں کی معافی طلب کرے اور اس عمل کے ذریعے اللہ سے مدد و رحمت کا مستحق بنے۔ دو رکعت نفل اس طریقے سے پڑھے کہ ایک رکعت کے بعد وہیں بیٹھے اور سورہ یٰسین شریف تین بار پڑھے' پھر دوسری رکعت پڑھ کر سلام کے بعد سورہ یٰسین شریف ایک مرتبہ پڑھے اور اس عمل

کو بروز جمعہ شروع کرے اور اس کی روزانہ تا حصول مقصد تک مداومت کرے اور ناغہ بالکل نہ کرے۔ انشاءاللہ رزق ودولت فراخ ہوگی اور ہر طرح کے سفلی وکالے علم کا خاتمہ ہوگا۔

(106) فتوحات غیبی

اس عمل کے ذریعے اگر عامل یا کوئی بھی اس عمل کو کرے گا تو اس کے مصلے یا بستر کے نیچے اس کی ضرورت جتنے روپے مل جایا کریں گے اور اس عمل میں ہرگز شک نہ کرے۔ اگر کسی صاحب کو شک ہو تو وہ عمل ھذا کو کرے اور اس کی خود تاثیر دیکھ لے۔ سب سے پہلے اس عمل کو کرنے والا اس کی زکوٰۃ ادا کرے پھر اس کا ورد شروع کرے انشاءاللہ ایک ہی چلے کے اندر فتوحات غیبی حاصل ہوں گی۔ زکوٰۃ ادا کرنے کا طریقہ روزانہ چالیس دنوں تک بعد نماز عشاء اول و آخر درود شریف کے ساتھ چالیس مرتبہ سورہ یٰسین شریف اس نیت کو سامنے رکھ کر پڑھے اور بعد اس چلہ کے روزانہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر عمل کو رواں رکھے۔

(107) مصلے کے نیچے روپے ملیں

یہ عمل اپنی نوعیت کا ایسا منفرد عمل ہے کہ کوئی کسی کو نہیں بتاتا لیکن یہ عمل خلق خدا کی خاطر فی سبیل اللہ درج کر رہا ہوں اگر کسی صاحب نے اس عمل کو کرنا ہو تو وہ عمل ھذا کو کرے اور خود مشاہدہ فرمالے۔ اس عمل سے کسی کو جتنے بھی روپوں کی ضرورت ہو وہ مصلے پر بیٹھ کر اس عمل کو شروع کردے۔ اس کے مصلے کے نیچے وہ رقم موجود ہوگی جتنی اس کو چاہیے۔ اس عمل کو بعد نماز عشاء قبلہ رو بیٹھ کر گیارہ گیارہ مرتبہ اول و آخر درود شریف کے ساتھ پڑھے اور پھر درمیان میں اکتالیس

مرتبہ سورہ یٰسین شریف روزانہ اکتالیس دنوں تک ہی پڑھے اور درمیان میں کسی سے کوئی بات چیت نہ کرے اور نہ ہی بعد میں۔ پھر اس دعا کو 5 مرتبہ پڑھے اور سو جائے انشاءاللہ ایک چلہ یا دوسرے چلے میں ضرور بہ ضرور فتوح ہو گی اور ایک دن خود ہی حیران و ششدر رہو گا جب روپے مصلے کے نیچے پائے گا اور ہدایت کے طور پر اس عمل کو لالچ کی خاطر ہرگز نہ کرے اور نہ ہی دولت موجود ہوتے ہوئے کثرت کی خاطر و لالچ کے لئے ایسے عملیات کا ارتکاب ہرگز نہ کرے کیونکہ پھر غلط نیت پر ایک تو عمل ادھورا رہتا ہے اور الٹا نقصان و پریشانیاں آگھیرتی ہیں جس کی کبھی منصوبہ بندی نہیں کی ہوتی۔ اس لئے سوائے نقصان کے پھر کچھ بھی ہاتھ نہیں آتا۔

(108) تسخیر خلائق

یہ عمل عام مخلوق کی تسخیر و مسخر کرنے کے لئے ہے لیکن کوئی بھی شخص اس عمل کو ہرگز ناجائز طور پر نہ کرے کیونکہ اس عمل سے انسان تو انسان جانور تک مسخر ہوتے ہیں۔ اس لئے ہرگز ناجائز طور پر اس عمل کو نہ کرے۔ اب اس عمل کو اس طریق پر کرے کہ اول و آخر سات مرتبہ درود شریف اور درمیان میں صرف یٰسین اور اس کے بعد صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم بھی ایک مرتبہ پھر یٰسین نوے (90) مرتبہ' پھر یٰسین شریف شروع کرے اور جب پڑھتا ہوا پہلی مبین پر پہنچے تو اپنے دونوں کانوں میں انگلیاں رکھ کر الصلوۃ خیر من النوم گیارہ مرتبہ پڑھے اور اسی طریق سے پھر مبین پر کانوں میں انگلیاں رکھ کر الصلوۃ خیر من النوم گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھے پھر شروع سے یٰسین شریف شروع کرے اور جب لفظ کن فیکون پر پہنچے تو یہاں اپنا مقصد بیان کرے اور اس عمل کو کم از کم 40 دنوں تک روزانہ ایک مرتبہ صبح اور ایک مرتبہ شام کو ایک ہی وقت مقررہ پر کرے اور عمل پر قابو رکھنے کے لئے روزانہ بھی

اسی طرح ایک مرتبہ صبح اور ایک مرتبہ شام پڑھے۔

(109) برائے حب

